www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | جمعہ 25 ستمبر 2026ء بمطابق 12 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 58 | قیمت 10 روپے

پاک فوج کی افغانستان میں 10 مقامات پر جوابی کارروائی

دہشتگردوں کا انفراسٹرکچر تباہ

پاکستان حملوں کو ہرگز قبول یا برداشت نہیں کرے گا، چاہے یہ دہشت گرد گروہوں کی جانب سے ہوں یا خود افغان طالبان حکومت کی جانب سے، عطا تارڑ

پاکستان اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور اپنے شہریوں کی زندگیوں کا دفاع مکمل عزم کے ساتھ کرے گا اور ان کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کرے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ فضائی اور ڈرون کارروائیوں کے ذریعے افغان طالبان حکومت کے زیر کنٹرول علاقوں میں 10 مقامات پر دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور معاون انفراسٹرکچر کو مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا جن میں ڈرونز کی لانچنگ اور ذخیرہ کرنے کے مقامات بھی شامل تھے، افغان سرزمین سے ڈرونز کی شکل میں مداخلت پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی صریحاً خلاف ورزی ہے، پاکستان دہشت گرد پراکسیز کی جانب سے بیرونی سرپرستی، پناہ اور معاونت کے ذریعے لاحق کسی بھی خطرے کے خلاف اپنی علاقائی سالمیت کا دفاع اور اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ جاری رکھے گا۔ جمعرات کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات نے آپریشن غضب للحق کی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے ایک وڈیو کلپ بھی شیئر کیا جس میں افغان طالبان حکومت کے زیر کنٹرول علاقوں پکتیکا، خوست اور قندھار میں دہشت گردوں کے ٹھکانوں اور معاون انفراسٹرکچر کو تباہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ اہداف پاکستان کے اندر نہتے شہریوں کے خلاف دہشت گرد حملوں اور 23 ستمبر کو افغان طالبان حکومت کی جانب سے ڈرون کے ذریعے حالیہ ناکام دراندازی کی کارروائی سے منسلک تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان دہشت گرد پراکسیز کی جانب سے بیرونی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا کا ترمیم شدہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

مجوزہ پولیس ایکٹ میں سیاسی عمل دخل واضح نظر آرہا ہے، وفاق کے پاس ترمیم شدہ پولیس ایکٹ پر بہت آپشنز ہیں، یہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج ہوگا، ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے

کے پی حکومت نے صرف آئی جی کے اختیارات واپس نہیں لیے، پوری کمانڈ تباہ کردی ہے، سہیل آفریدی نے اختیار اپنی جیب میں اور اپنی سیاسی جماعت کے تابع کرنے کی کوشش کی، وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے خیبرپختونخوا کا ترمیم شدہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان کر دیا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ ایکٹ ابھی کابینہ سے منظور ہوا ہے، بہتر ہے صوبائی حکومت ہوش کے ناخن لے۔ وفاق کے پاس ترمیم شدہ پولیس ایکٹ پر بہت آپشنز ہیں، یہ پولیس ایکٹ سپریم کورٹ میں چیلنج ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی حکومت نے صرف آئی جی کے اختیارات واپس نہیں لیے بلکہ پوری کمانڈ تباہ کردی ہے، مجوزہ پولیس ایکٹ میں سیاسی عمل دخل واضح نظر آرہا ہے، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے اختیار اپنی جیب میں اور اپنی سیاسی جماعت کے تابع کرنے کی کوشش کی۔ وزیر مملکت کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا 15، 20 سال سے دہشتگردی کی جنگ لڑ رہا ہے مگر وہاں سی ٹی ڈی کرائے کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

وزیراعظم شہباز شریف کی ایرانی صدر سے ملاقات، علاقائی صورتحال پر گفتگو

ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی شریک تھے

وزیراعظم شہباز شریف کا ثالثی کردار اور کشیدگی میں کمی کے لیے کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

نیویارک (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کی اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات ہوئی، جس میں پاک ایران تعلقات اور خطے کی صورتحال سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور معاون ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وزیراعظم شہباز شریف نے نیویارک میں پاکستانی تاجروں اور کاروباری شخصیات سے ملاقات کی

مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر کا جی ایچ کیو کا دورہ، فیلڈ مارشل سے ملاقات

ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا

دونوں ممالک کے باہمی مفاد پر مبنی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار بھی کیا گیا

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق مالدیپ کی عوامی مجلس کے سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے جی ایچ کیو کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دورہ کے دوران سپیکر عبدالرحیم عبداللہ نے چیف آف آرمی سٹاف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات کے دوران ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے عبدالرحیم عبداللہ نے راولپنڈی میں جنرل ہیڈ کوارٹرز میں ملاقات کی

وفاق اگر پولیس کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کریگا تو صوبائی حکومت اقدامات کرے گی

وزیراعلیٰ کے پی

پولیس ایکٹ میں مزید ترامیم لائی جاسکتی ہیں، پولیس کا دھیان دہشت گردی سے ہٹا کر سیاسی جماعت کی طرف کرنے نہیں دینگے

غلط پالیسی کے باعث فوجی جوان، پولیس اہلکار اور عام شہری شہید ہو رہے ہیں، جب تک امن نہیں ہوگا تب تک ترقی اور خوشحالی نہیں آسکتی

خیبر پختونخوا عوام اور پولیس کی قربانیوں کی وجہ سے اسلام آباد، راولپنڈی اور ملک کے دیگر حصوں میں بھی امن ہے، وزیراعلیٰ سہیل آفریدی

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاق اگر پولیس کو سیاسی انتقام کیلئے استعمال کریگا تو صوبائی حکومت اقدامات تو کرے گی، دہشت گردی کی جنگ سے پولیس کا دھیان ہٹا کر کسی سیاسی جماعت کی طرف موڑنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پولیس کو انکار کرنا سیکھنا ہوگا۔ صوبے میں امن وامان کے حوالے سے اجلاس سے خطاب میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ 22 سال سے خیبر پختونخوا پولیس اور عوام مسلسل دہشت گردی کا مقابلہ کر رہے ہیں، پولیس اور عوام کی قربانیوں کے نتیجے میں 2018 سے 2022 تک عمران خان کی حکومت کے دور میں خیبر پختونخوا میں امن قائم ہوا، 2022 میں رجیم چینج آپریشن اور ریاست کی غلط پالیسی کی وجہ سے خیبر پختونخوا میں دوبارہ دہشت گردی لائی گئی، ہم نے ہر فورم پر آواز اٹھائی کہ دہشت گردوں کو دوبارہ آباد نہ کیا جائے، آج ریاست کی غلط پالیسی کے باعث فوجی جوان، پولیس اہلکار اور عام شہری شہید ہو رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ جب تک امن نہیں ہوگا تب تک ترقی اور خوشحالی نہیں آسکتی، 15 اکتوبر 2025 کو حکومت سنبھالنے کے بعد پولیس کے لیے تاریخ میں بے مثال فنڈز فراہم کیے، گزشتہ سال سالانہ بجٹ سے ہٹ کر پولیس کو 35 ارب روپے اضافی دیے گئے، رواں سال پولیس کا بجٹ 80 ارب روپے سے بڑھا کر 190 ارب روپے کیا ہے، پولیس فرنٹ فٹ پر دہشت گردی کا مقابلہ کر رہی ہے، ان کی قربانیوں کا احساس ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ خیبر پختونخوا عوام اور پولیس ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26



لانگ مارچ مؤخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، رانا ثناء

شہر میں کنٹینر کو حفاظتی اقدامات کے طور پر رکھا گیا ہے، کنٹینر سڑک کنارے پڑے ہیں اور سڑکیں کھلی ہوئی، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ لانگ مارچ مؤخر کیے جانے تک پی ٹی آئی سے مذاکرات نہیں ہوسکتے۔ نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ شہر میں کنٹینر کو حفاظتی اقدامات کے طور پر رکھا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

انسپکٹر جنرل پولیس سندھ جاوید عالم اوڈھو کو سندھ مدرسۃ الاسلام یونیورسٹی کی تاریخ اور قیام پر بریفنگ دی گئی

ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کے لیے نکل رہے ہیں، بیرسٹر گوہر

لانگ مارچ میں آنے والے سیاسی لوگوں پر نیٹ لانچر استعمال کرنے کا وقت نہیں ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے حکومت کو لانگ مارچ کے حوالے سے مذاکرات پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری بات سنی جائے کیونکہ ہم نہیں چاہتے عوام اور قانون کے رکھوالے ایک دوسرے کے آمنے سامنے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

کے پی پولیس ایکٹ وفاقی قوانین سے متصادم ہے، بیرسٹر عقیل ملک

پولیس فورس کو تابع لانے کے لیے ایکٹ لایا گیا، مجوزہ کے پی پولیس ایکٹ کو سیاسی بنایا گیا ہے

خیبر پختونخوا میں گزشتہ 13 سال سے سرکس لگا ہوا ہے، صوبے میں دہشت گردی بڑھ رہی ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کا مجوزہ پولیس ایکٹ سیاسی بنایا گیا ہے، پی ایس پی افسران کی تعیناتی صرف وفاق کرسکتا ہے، نیا رواج سیٹ کرنے کی کوشش غیر آئینی اور غیر قانونی ہے۔ بیرسٹر عقیل ملک نے اختیار ولی خان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس کو تابع لانے کے لیے ایکٹ لایا گیا، مجوزہ کے پی پولیس ایکٹ کو سیاسی بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس پی افسران کی تعیناتی صرف وفاق کرسکتا ہے، خیبر پختونخوا کابینہ کے پاس ایسا قانون پاس کرنے کا اختیار نہیں، صوبے خود سے پی ایس پی افسران کی تعیناتی پر عملدرآمد نہیں کرسکتے۔ بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گزشتہ 13 سال سے سرکس لگا ہوا ہے، صوبے میں دہشت گردی بڑھ رہی ہے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

موسمیاتی تبدیلی کے باعث زیادہ تباہی ہو رہی ہے، مصدق ملک

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ ہمارے ہاں زیادہ تباہی موسم کی تبدیلی کی وجہ سے آرہی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ پاکستان میں پچھلے پانچ سیلابوں میں 6 ہزار افراد جاں بحق ہو چکے ہیں، زیادہ درجہ حرارت سے گلیشیئرز پگھل رہے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

فلسطینی صدر کا جنرل اسمبلی سے ورچوئل خطاب، غزہ میں قتل عام روکنے کا مطالبہ

فلسطینی وفد کو روکنا میزبان ملک کی حیثیت سے امریکا کی ذمہ داریوں سے متصادم ہے

غزہ میں فلسطینی عوام کا قتل عام کیا گیا، جبکہ علاقے کو اس وقت تباہی اور بھوک کا سامنا ہے

نیویارک (ویب ڈیسک) فلسطینی صدر محمود عباس نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ فلسطین کو جنرل اسمبلی میں شرکت سے روکنا ناقابل قبول ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے امریکی ویزا پابندیوں کے باعث محمود عباس کو ویڈیو کے ذریعے خطاب کی اجازت دی تھی۔ محمود عباس نے کہا کہ فلسطینی وفد کو روکنا میزبان ملک کی حیثیت سے امریکا کی ذمہ داریوں سے متصادم ہے، امریکا فلسطینی وفد پر عائد پابندیاں ختم کرے۔ فلسطینی صدر نے کہا کہ غزہ میں فلسطینی عوام کا قتل عام کیا گیا، جبکہ علاقے کو اس وقت تباہی اور بھوک کا سامنا ہے۔ ان کے مطابق غزہ میں فلسطینیوں کو جبری بے دخلی کا بھی سامنا ہے۔ انہوں نے غزہ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

یورپی پارلیمانی وفد کی اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات، جی ایس پی پلس پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (ویب ڈیسک) یورپی پارلیمنٹ کی رکن میری خان کی سربراہی میں یورپی پارلیمانی وفد نے وفاقی وزیر انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان اور یورپی یونین کے تعلقات، انسانی حقوق، قانونی امور، جی ایس پی پلس اور جیو اسٹریٹجک معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یورپی پارلیمانی وفد ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی نظربندی معطل کرنے کی استدعا مسترد

عدالت نے متعلقہ فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا اور متعلقہ فریقین سے رپورٹ بھی طلب کی

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی بہن ڈاکٹر عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی نظربندی کے خلاف دائر درخواستوں پر فوری طور پر نظربندی کے نوٹیفکیشن معطل کرنے کی استدعا مسترد کردی۔ جسٹس عبہر گل خان نے درخواستوں پر سماعت کی، عدالت نے متعلقہ فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا اور متعلقہ فریقین سے رپورٹ بھی طلب کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز تعیناتی کی منظوری

رینجرز اہلکار امن وامان اور سکیورٹی معاونت کے لیے تمام ضروری ذمہ داریاں سرانجام دیں گے

رینجرز اور پولیس کسی بھی پرتشدد سرگرمی یا خطرے سے نمٹنے کے لیے مکمل اقدامات کریں، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دے دی گئی۔ وزارت داخلہ نے چیف کمشنر اسلام آباد اور حکومت پنجاب کی درخواست پر رینجرز کی تعیناتی اور قانونی اختیارات کے تحت مکمل معاونت کی اجازت دے دی۔ جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس مناسب اور ضروری جوابی ایکشن لیں، رینجرز اور پولیس کسی بھی پرتشدد سرگرمی یا خطرے سے نمٹنے کے لیے مکمل اقدامات کریں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق رینجرز اہلکار امن وامان اور سکیورٹی معاونت کے لیے تمام ضروری ذمہ داریاں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

احتجاج کے باعث خیبر پختونخوا کا پنجاب سے زمینی راستہ منقطع، پیٹرول کی قلت کا خدشہ

سڑکوں کی بندش سے عوام کی آمد ورفت کے ساتھ، پیٹرول، اشیا خورد ونوش اور دیگر سامان کا سلسلہ بھی بند

پشاور (ویب ڈیسک) تحریک انصاف کے احتجاج کے باعث خیبر پختونخوا کا پنجاب سے زمینی رابطہ منقطع ہوگیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق تحریک انصاف کے 27 ستمبر کے احتجاج کے پیش نظر موٹروے کو بند کر دیا گیا ہے جس کے باعث کے پی کا پنجاب سے راستہ منقطع ہوگیا۔ جس کے باعث لوگوں کی آمد ورفت روکنے کے ساتھ اشیا خورد ونوش اور دیگر سامان کا سلسلہ بھی بند ہوگیا ہے جبکہ پیٹرول کی فراہمی بھی بند ہوگئی ہے۔ تحریک انصاف کے احتجاج کے باعث خیبر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

صوبوں کی تقسیم قبول نہیں، ٹی وی چینلز کے سروے سے کیا فرق پڑتا ہے؟

شرجیل میمن

ایم کیو ایم ٹی وی پر پورا دن پیپلز پارٹی کے خلاف زہر اگلتی ہے اور اس کی وجہ سے صنعتیں دوسرے صوبوں میں منتقل ہوئیں، میڈیا سے گفتگو

پاکستان کو دوبارہ لسانیت کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، سندھ میں 18 سال کا حساب دینے کے لیے تیار ہیں، سینئر صوبائی وزیر شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ہمیں صوبوں کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، ٹی وی چینلز کے سروے سے کیا فرق پڑتا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں، سندھ اسمبلی اس حوالے سے قرارداد منظور کر چکی ہے۔ انہوں نے ایم کیو ایم پر لسانیت پھیلانے کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو دوبارہ لسانیت کے حوالے نہیں کیا جاسکتا۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے، جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی افواج جرات اور بہادری کے ساتھ لڑ رہی ہیں، جس پر انہیں سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے صدر آصف علی زرداری کے دورہ چین کا ذکر کرتے ہوئے پاک چین ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

سندھ کے وزیر برائے اطلاعات شرجیل انعام میمن نے کراچی میں پریس کانفرنس کی

شرجیل میمن الزامات کے بجائے 18 سالہ کارکردگی کا حساب دیں: ایم کیو ایم

عوام کے مسائل کا جواب ماضی کی کہانیاں سنا کر نہیں دیا جاسکتا، انتظامی اختیارات اور وسائل کا مطالبہ کسی زبان یا قومیت کے خلاف نہیں بلکہ محروم عوام کا حق ہے

ادھر ہم، ادھر تم کا نعرہ لگا کر ملک کو تقسیم کس نے کیا، یہ تاریخ کا حصہ ہے، دیہی وشہری تقسیم کرنے والے اپنے گریبانوں میں کیوں نہیں جھانکتے، ایم کیو ایم پاکستان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شرجیل انعام میمن کے الزامات پر ترجمان ایم کیو ایم پاکستان نے ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ادھر ہم، ادھر تم کا نعرہ لگا کر ملک کو تقسیم کس نے کیا، یہ تاریخ کا حصہ ہے۔ ترجمان ایم کیو ایم نے کہا کہ سندھ کو دیہی وشہری بنیادوں پر تقسیم کرنے والے اپنے گریبانوں میں کیوں نہیں جھانکتے، شرجیل میمن ماضی کے الزامات دہرانے کے بجائے سندھ حکومت کی 18 سالہ کارکردگی کا حساب دیں۔ ایم کیو ایم ترجمان نے کہا کہ صوبہ اور شہر کے عوام کے مسائل کا جواب ماضی کی کہانیاں سنا کر نہیں دیا جاسکتا، انتظامی اختیارات اور وسائل کا مطالبہ کسی زبان یا قومیت کے خلاف نہیں بلکہ محروم عوام کا حق ہے۔ ترجمان نے کہا کہ کراچی کو وسائل، اختیارات اور روزگار سے محروم رکھنے کی ذمہ داری کس پر ہے، شرجیل میمن جواب دیں، ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی نے کوئٹہ میں 21 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کیا

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، پنڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

وزیراعظم کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت

وزیراعظم شہباز شریف اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس میں شرکت کے لئے نیویارک پہنچ گئے ہیں جہاں وہ 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔ وزیراعظم کے خطاب میں کشمیر اور فلسطین کے دیرینہ تنازعات سمیت عالمی و علاقائی امن، دہشت گردی، موسمیاتی تبدیلی اور دیگر اہم امور پر پاکستان کا موقف پیش کیا جائے گا۔ موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا 88واں رواں اجلاس غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ دنیا اس وقت جنگوں، مسلح تنازعات، علاقائی کشیدگی اور بڑھتے ہوئے عدم تحفظ کی کیفیت سے دوچار ہے۔ ایسے ماحول میں اس نمائندہ عالمی ادارے سے بجا طور پر یہ توقع کی جارہی ہے کہ وہ محض تقاریر اور قراردادوں کا فورم بننے کی بجائے تنازعات کے بامعنی اور منصفانہ حل، جنگ بندی اور موثر سفارت کاری کے لئے عملی کردار ادا کرے گا۔ اگر اقوام متحدہ عالمی امن کے قیام اور طاقت کے بجائے مذاکرات کو تنازعات کے حل کا ذریعہ بنانے میں موثر ثابت نہ ہوا تو اس کی ساکھ اور افادیت پر سوالات اٹھنا فطری امر ہو گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کو بہرصورت اپنے خطاب میں مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اجاگر کرتے ہوئے عالمی برادری کی توجہ اس امر کی جانب مبذول کرانی چاہئے کہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کا مسئلہ کئی دہائیوں سے حل طلب ہے۔ پاکستان کا یہ دیرینہ اصولی موقف ہے کہ کشمیر کے عوام کو اپنے سیاسی مستقبل کے تعین کا حق اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ملنا چاہئے۔ اسی طرح فلسطین میں جاری انسانی المیے اور فلسطینیوں کے حق خودارادیت و آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے مطالبے کو بھی عالمی ضمیر کے سامنے موثر انداز میں پیش کیا جانا چاہئے۔ وزیراعظم کو پاکستان کی سلامتی کو درپیش دہشت گردی کے چیلنج، بالخصوص افغانستان سے پیدا ہونے والے خطرات، پر بھی عالمی برادری کو پاکستان کے تحفظات سے آگاہ کرنا چاہئے۔ پاکستان کا واضح موقف ہے کہ افغان سرزمین اس کے خلاف دہشت گردی کے لئے استعمال نہیں ہونی چاہئے۔ اندریں حالات اقوام متحدہ کو جنگ کے خوف میں مبتلا دنیا کے لئے امید کی حقیقی کرن بننا ہوگا، پاکستان کو بہرحال اس فورم پر امن، مذاکرات، خودارادیت اور عالمی قانون کی بالادستی کی آواز موثر انداز میں بلند کرنی چاہئے جس سے اقوام عالم میں پاکستان کا امیج مزید بہتر ہوسکتا ہے۔

فاصلے مرگئے ہیں

اکرم چوہدری

بھی جغرافیہ انسان کو تحفظ کا احساس دیتا تھا۔ جنگ کسی دوسرے ملک میں ہوتی تو ہم نقشے پر انگلی رکھ کر فاصلہ ناپتے اور مطمئن ہوجاتے کہ آگ بہت دور ہے۔ اب نقشے پر فاصلے باقی ہیں، زندگی میں نہیں۔ ریاض کی فضا میں خطرے کا سائرن بجتا ہے تو اسلام آباد کی کوئی عمارت نہیں کانپتی۔ خلیج میں میزائل اڑتے ہیں تو لاہور کی سڑکوں پر دھماکے نہیں ہوتے۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی بڑھتی ہے تو کراچی کے گھروں کی کھڑکیاں سلامت رہتی ہیں۔ لیکن جدید دنیا میں جنگ ہمیشہ بارود بن کر سرحد پار نہیں کرتی۔ کبھی وہ پٹرول کی نئی قیمت بن کر آتی ہے۔ کبھی بجلی کے بل میں داخل ہوتی ہے۔ کبھی جہاز کا کرایہ بڑھاتی ہے۔ کبھی کارخانے کی پیداواری لاگت اور کبھی باورچی خانے کا بجٹ بدل دیتی ہے اور کبھی ہزاروں میل دور بیٹھے کسی پاکستانی کی خیریت پوچھنے کے لیے رات گئے بجنے والا ایک فون بن جاتی ہے۔

یہی آج کی دنیا ہے۔

فاصلے مرگئے ہیں۔

ایک رات، کئی دارالحکومت، ذرا ایک ہی وقت میں دنیا کے نقشے کو دیکھئے۔ مشرق وسطی میں بے یقینی ہے۔ کہیں میزائل اور ڈرون فضا میں ہیں۔ کہیں فضائی دفاع متحرک ہے۔ کہیں بحری راستوں کی سلامتی سوال بن رہی ہے۔ یوکرین کی جنگ نے برسوں سے یورپ کی سلامتی کا تصور بدل رکھا ہے۔ غزہ اور اس کے گرد پیدا ہونے والا انسانی اور سیاسی بحران عالمی ضمیر اور عالمی سفارت کاری دونوں کا امتحان بنا ہوا ہے۔ بڑی طاقتیں ایک دوسرے کو صرف فوجی میدان میں نہیں بلکہ تجارت، ٹیکنالوجی، توانائی اور اثر ورسوخ کے میدان میں بھی چیلنج کررہی ہیں۔

واشنگٹن اپنی ترجیحات رکھتا ہے۔

بیجنگ اپنی بساط بچھا رہا ہے۔

ماسکو اپنی جنگ اور اپنے مفادات کے ساتھ کھڑا ہے۔

تہران اپنے گرد بنتے دباؤ کو دیکھ رہا ہے۔

خلیجی دارالحکومت اپنی سلامتی اور معیشت دونوں بچانے کی فکر میں ہیں۔

اوران سب کے درمیان اسلام آباد بھی ہے۔

فرق صرف یہ ہے کہ دنیا نئی بساط پر نئی چالیں سوچ رہی ہے اور پاکستان کو بیرونی بساط کے ساتھ اپنے گھر میں بچھی سیاسی بساط بھی سنبھالنا ہے۔

اسلام آباد کا اپنا موسم

پاکستان میں سیاست کا موسم شاید دنیا کے موسم سے بھی زیادہ مستقل ہے۔ چہرے بدلتے ہیں، نعرے بدلتے ہیں، حکومتیں بدلتی ہیں، اپوزیشن بدلتی ہے، لیکن سیاسی کہانی کا بنیادی خاکہ حیرت انگیز طور پر ایک جیسا رہتا ہے۔ ایک فریق احتجاج کا اعلان کرتا ہے۔ دوسرا ریاستی نظم برقرار رکھنے کا عزم ظاہر کرتا ہے۔ پھر بیانات آتے ہیں، جوابی بیانات آتے ہیں، راستوں اور جلسوں کی بحث ہوتی ہے، مذاکرات کا لفظ بھی سنائی دیتا ہے اور کچھ ہی دیر بعد سیاسی شور میں دب جاتا ہے۔

حکومت کے پاس اپنی دلیل ہے۔

اپوزیشن کے پاس اپنا مقدمہ۔

جمہوریت میں دونوں کا ہونا غیر معمولی نہیں۔ غیر معمولی بات تب بنتی ہے جب اختلاف کا کوئی قابل اعتماد سیاسی راستہ باقی نہ رہے۔ آج پاکستان کے سامنے سوال یہ نہیں کہ حکومت درست ہے یا اپوزیشن۔ یہ فیصلہ عوام اور سیاسی وآئینی عمل کا کام ہے۔

اصل سوال کچھ اور ہے: کیا پاکستان ایک ایسے وقت میں مسلسل داخلی تصادم برداشت کرسکتا ہے جب اس کے اردگرد کی دنیا پہلے ہی غیر معمولی دباؤ میں ہے؟

یہ سوال کسی ایک جماعت کا نہیں۔

ریاست کا ہے۔

جنگ کا پاکستانی راستہ

فرض کیجئے خلیج میں کشیدگی مزید بڑھتی ہے۔

پاکستان تک پہنچنے کے لیے اسے ویزا نہیں چاہیے۔

اس کا پہلا راستہ توانائی ہوگا۔ تیل اور گیس مہنگے ہوں گے تو نقل وحمل کی لاگت بدلے گی۔ نقل وحمل مہنگی ہوگی تو اشیا کی قیمتیں متاثر ہوں گی۔ صنعت کے اخراجات بڑھیں گے تو برآمدات اور روزگار پر دباؤ آسکتا ہے۔

دوسرا راستہ تجارت ہوگا۔ سمندری راستوں میں خطرہ بڑھے تو جہاز رانی، انشورنس اور مال برداری مہنگی ہوتی ہے۔ دنیا کے ایک سرے پر پیدا ہونے والی رکاوٹ دوسرے سرے کی دکان تک پہنچ جاتی ہے۔

تیسرا راستہ انسان ہیں۔

خلیجی ممالک پاکستان کے لیے صرف سفارتی شراکت دار نہیں۔ وہاں پاکستانی خاندانوں کے لاکھوں رشتے، روزگار اور مستقبل وابستہ ہیں۔ مشرق وسطی میں بڑی بے یقینی اس لیے ہمارے لیے صرف خارجہ پالیسی کی خبر نہیں رہتی، گھریلو تشویش بھی بن جاتی ہے۔

اور چوتھا راستہ شاید سب سے خاموش ہے۔

اعتماد۔

جنگ اور غیر یقینی سرمایہ کار کو محتاط کرتی ہے، کاروبار کو انتظار پر مجبور کرتی ہے اور حکومتوں کو ایسے فیصلے کرنے پڑتے ہیں جن کا چند ہفتے پہلے تصور بھی نہیں ہوتا۔ یہیں عالمی سیاست ایک عام پاکستانی کے دسترخوان سے ملتی ہے۔

دو پاکستان

ہماری معاشی گفتگو میں بھی ایک عجیب فاصلہ موجود ہے۔

ایک پاکستان فائلوں میں رہتا ہے۔

وہاں ذخائر ہوتے ہیں، شرح نمو ہوتی ہے، خسارہ ہوتا ہے، قرض کی ادائیگی ہوتی ہے، عالمی مالیاتی ادارے ہوتے ہیں اور معاشی استحکام کے اشاریے ہوتے ہیں۔

دوسرا پاکستان بازار میں رہتا ہے۔ وہ پوچھتا ہے آٹا کتنے کا ہے۔ بجلی کا بل کتنا آیا۔ موٹر سائیکل کی ٹینکی کتنے میں بھری۔ بچے کی فیس دینے کے بعد مہینہ کیسے گزرے گا۔

دونوں پاکستان جھوٹے نہیں۔

دونوں حقیقت ہیں۔

مسئلہ تب پیدا ہوتا ہے جب سرکاری معاشی حقیقت اور شہری کی معاشی حقیقت کے درمیان فاصلہ بہت بڑھ جائے۔

معیشت واقعی سنبھل سکتی ہے، مگر جب تک اس کا اثر گھر کے بجٹ تک نہ پہنچے، عام آدمی کے لیے لفظ استحکام ایک معاشی اصطلاح ہی رہتا ہے، تجربہ نہیں بنتا۔

اور خلیج کی موجودہ بے یقینی اسی کمزور مقام پر دستک دے رہی ہے۔

دنیا میں دوستیاں بھی بدل رہی ہیں

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے لیے بھی آنے والا وقت آسان نہیں۔

چین اہم ہے۔

امریکا اہم ہے۔

سعودی عرب اور خلیجی ممالک اہم ہیں۔

ایران ہمارا ہمسایہ ہے۔

افغانستان کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ ترکیہ، وسطی ایشیا اور دیگر علاقائی قوتوں کے ساتھ تعلقات بھی اپنی جگہ اہمیت رکھتے ہیں۔

پرانے زمانے میں سوال نسبتا سادہ ہوتا تھا: آپ کس کیمپ میں ہیں؟

نئی دنیا کا سوال مختلف ہے:

آپ اپنے مفاد کو کتنی ذہانت سے محفوظ رکھتے ہیں؟

شاید پاکستان کے لیے کامیاب خارجہ پالیسی وہ نہیں ہوگی جو کسی ایک عالمی طاقت کے قریب ہونے پر فخر کرے، بلکہ وہ ہوگی جو مختلف طاقتوں سے تعلق رکھتے ہوئے اپنی فیصلہ سازی کی گنجائش محفوظ رکھ سکے۔ کیونکہ عالمی سیاست میں مستقل دوستیوں سے زیادہ مستقل مفادات کی بات کی جاتی ہے۔ پاکستان کو بھی اپنا مستقل مفاد واضح کرنا ہوگا۔

پرامن بقائے باہمی وقت کی اہم ضرورت

محمود خان

دنیا میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کے لیے مختلف مذاہب، مسالک اور معاشرتی طبقات کے درمیان باہمی احترام، برداشت اور ہم آہنگی کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وطن عزیز میں مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہری ملک کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ملکی آئین بھی تمام شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور مذہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ ایسے میں بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا نہ صرف حکومتی ذمہ داری ہے بلکہ معاشرے کے ہر فرد، مذہبی رہنما، سیاسی نمائندے، دانشور، نوجوان اور سول سوسائٹی کی مشترکہ ذمہ داری بھی ہے۔ اسی تناظر میں چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مذہبی رہنماؤں، بین الاقوامی اور سول سوسائٹی کی تنظیموں کے نمائندوں پر مشتمل وفد کی ملاقات ایک اہم پیش رفت ہے۔ ملاقات میں بین المذاہب ہم آہنگی، پرامن بقائے باہمی، برداشت اور سماجی شمولیت کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ ملاقات اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ مذہبی اور سماجی سطح پر مکالمے کے ذریعے مختلف برادریوں کے درمیان فاصلے کم اور باہمی اعتماد کو مضبوط کیا جا سکتا ہے۔ مختلف ممالک اور اداروں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ مذہبی ہم آہنگی اور سماجی شمولیت کا پیغام کسی ایک ملک یا معاشرے تک محدود نہیں بلکہ پوری دنیا کی مشترکہ ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اس موقع پر ایک جامع اور مضبوط معاشرے کے بنیادی تصور کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ معاشرہ اسی وقت مضبوط اور جامع بن سکتا ہے جب اس کے ہر فرد کو مساوی احترام، وقار اور مواقع میسر ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے شہری ملکی ترقی میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں، ملک کی ترقی صرف معاشی اعداد وشمار سے نہیں جانی جاسکتی بلکہ اس کا انحصار سماجی اتحاد، سیاسی استحکام، قانون کی بالادستی اور شہریوں کے باہمی اعتماد پر بھی ہوتا ہے، اقلیتوں سمیت معاشرے کے تمام طبقات کو قومی دھارے میں شامل کرنا ایک مضبوط ریاست کی بنیادی ضرورت ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنے دور وزارت عظمی کا حوالہ دیتے ہوئے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کیے گئے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ ان کے مطابق اقلیتوں کے لیے الگ وزارت برائے بین المذاہب ہم آہنگی کا قیام اور سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ سمیت مختلف عملی اقدامات کیے گئے۔ بطور چیئرمین سینیٹ انہوں نے اقلیتوں کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنے اور پارلیمانی عمل میں ان کی شرکت کو مزید مضبوط بنانے کے لیے سینیٹ میں مائنارٹی کاکس کے قیام کا بھی ذکر کیا۔ پارلیمان کسی بھی جمہوری معاشرے کی نمائندہ آواز ہوتی ہے۔ اس لیے پارلیمانی اداروں میں مختلف طبقات کی موثر نمائندگی نہ صرف جمہوریت کو مضبوط بناتی ہے بلکہ قانون سازی میں معاشرے کے تمام طبقات کے مسائل کو شامل کرنے کا موقع بھی فراہم کرتی ہے۔ اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کو پارلیمانی عمل میں موثر آواز دینا قومی یکجہتی کے لیے بھی انتہائی اہم ہے۔ ملاقات کا ایک مقصد چیئرمین سینیٹ کو واشنگٹن میں منعقد ہونے والے نیشنل پریئر بریک فاسٹ میں شرکت کی دعوت بھی ہے۔ وفد کے سربراہ پاسٹر ڈاکٹر باب رابرٹس جونیئر نے انہیں آئندہ سال فروری کے پہلے ہفتے میں واشنگٹن میں منعقد ہونے والے نیشنل پریئر بریک فاسٹ میں شرکت کی دعوت دی، جسے چیئرمین سینیٹ نے قبول کیا۔ یہ دعوت پاکستان اور عالمی سطح پر مذہبی وسماجی حلقوں کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے کا ایک اہم موقع بن سکتی ہے۔ ایسے عالمی اجتماعات کا مقصد محض رسمی ملاقاتیں نہیں بلکہ مختلف مذاہب اور معاشروں سے تعلق رکھنے والے افراد کو ایک دوسرے کو سمجھنے، مشترکہ مسائل پر گفتگو کرنے اور امن وبرداشت کے فروغ کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنے کا موقع فراہم کرنا بھی ہوتا ہے۔ مذہبی رہنما اگر اپنے اپنے معاشروں میں امن، برداشت اور احترام کا پیغام عام کریں تو انتہاپسندی، نفرت اور تعصب کے خاتمے میں نمایاں مدد مل سکتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے بھی اس موقع پر اس امر پر زور دیا کہ مذہبی رہنماؤں، پارلیمنٹیرینز، سول سوسائٹی اور نوجوانوں کے باہمی تعاون سے مختلف برادریوں کے درمیان روابط مزید مضبوط کئے جاسکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ عدم برداشت، تعصب اور امتیاز کا موثر مقابلہ مشترکہ کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ نوجوان اس حوالے سے خصوصی اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ آج کی نوجوان نسل ہی مستقبل کے معاشرے کی تشکیل کرے گی۔

پیٹرول ریلیف پروگرام

طارق نبیل

مشرق وسطی میں جاری جنگ کے باعث عالمی سطح پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں پیدا ہونے والے اتار چڑھاؤ اور عوام پر اس کے ممکنہ اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت پاکستان نے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے ایک اہم اقدام اٹھایا ہے۔ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے پیٹرول ریلیف پروگرام کے تحت مستحق شہریوں کو پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے فراہم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد کم آمدنی والے اور روزانہ سفر کے لیے موٹر سائیکل، رکشہ اور دیگر چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے والے شہریوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اثرات سے ممکنہ حد تک ریلیف دینا ہے۔ حکومت کی جانب سے جاری کردہ اشتہار کے مطابق پیٹرول سو روپے فی لیٹر کے حساب سے ریلیف پروگرام میں شامل افراد کو فراہم کیا جائے گا۔ اس منصوبے کو عوامی ریلیف اور موجودہ معاشی حالات میں عام شہریوں کے لیے سہولت پیدا کرنے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ خاص طور پر وہ افراد جو موٹر سائیکل یا چھوٹی گاڑی کے ذریعے روزگار کے سلسلے میں روزانہ سفر کرتے ہیں، ان کے لیے پیٹرول کے اخراجات میں کمی براہ راست بجٹ پر مثبت اثر ڈال سکتی ہے۔ اشتہار کے مطابق اس پروگرام کے لیے رجسٹریشن کا طریقہ بھی آسان رکھا گیا ہے۔ شہری اپنے شناختی کارڈ نمبر کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے موبائل فون سے مخصوص طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔ رجسٹریشن کے دوران شناختی کارڈ نمبر اور متعلقہ گاڑی کی معلومات فراہم کی جائیں گی تاکہ اہل افراد کی تصدیق کے بعد انہیں پیٹرول ریلیف کی سہولت فراہم کی جاسکے۔ حکومت نے موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ، لوڈر اور آٹھ سی سی تک گاڑیوں کے مالکان کو اس پروگرام میں شامل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ پیٹرول ریلیف پروگرام کا مرکزی ہدف وہ شہری ہیں جن کا روزمرہ سفر اور روزگار چھوٹی گاڑیوں پر منحصر ہے۔ پاکستان میں بڑی تعداد میں شہری موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چھوٹی گاڑیوں کو روزگار، کاروبار، دفاتر، دکانوں اور دیگر ضروری کاموں کے لیے استعمال کرتے ہیں، اس لیے پیٹرول کی قیمت میں کمی ان کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے۔ اشتہار میں بتایا گیا ہے کہ رجسٹریشن کے لیے شہری اپنے موبائل فون سے REG لکھ کر اسپیس دیں اور اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر درج کرکے 9771 پر ایس ایم ایس کریں۔ اس کے بعد متعلقہ طریقہ کار کے تحت گاڑی کی رجسٹریشن اور دیگر ضروری معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ رجسٹریشن کے بعد اہل افراد کو ریلیف سے متعلق معلومات موبائل پیغام کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔ پیٹرول ریلیف حاصل کرنے کے طریقہ کار میں گاڑی کی رجسٹریشن بھی اہم مرحلہ ہے۔ شہریوں کو اپنی گاڑی کا رجسٹریشن نمبر اور متعلقہ معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ حکومتی نظام کے ذریعے فراہم کردہ معلومات کی تصدیق کے بعد اہل شہریوں کو پیٹرول ریلیف دیا جائے گا۔ اس عمل کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ حکومتی سہولت حقیقی اور اہل افراد تک پہنچے اور اس پروگرام کا غلط استعمال نہ ہو۔ اشتہار میں رجسٹریشن کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 درج کی گئی ہے۔ اس لیے جو شہری اس پروگرام کے لیے اہل ہیں، انہیں مقررہ مدت کے اندر اپنی رجسٹریشن مکمل کرنی چاہیے۔ رجسٹریشن کے بعد حکومتی نظام کے ذریعے تصدیق اور دیگر ضروری کارروائی مکمل ہونے پر مستحق شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ پیٹرول کی قیمت عام شہری کی زندگی میں براہ راست اثر انداز ہوتی ہے۔ پیٹرول مہنگا ہونے سے نہ صرف موٹر سائیکل یا گاڑی چلانے کا خرچ بڑھتا ہے بلکہ نقل وحمل کی لاگت میں اضافے کے باعث اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر بھی اثر پڑسکتا ہے۔ مزدور، چھوٹے دکاندار، طلبہ، ملازمین، ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے افراد اور دیگر شہری روزانہ سفر کے لیے پیٹرول استعمال کرتے ہیں۔ ایسے میں پیٹرول کی قیمت میں ریلیف ان کے ماہانہ اخراجات کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ خاص طور پر موٹر سائیکل چلانے والے شہریوں کی بڑی تعداد اپنے روزگار اور روزمرہ ضروریات کے لیے پیٹرول پر انحصار کرتی ہے۔ رکشہ اور چنگچی چلانے والے افراد کے لیے بھی ایندھن روزانہ کاروباری اخراجات کا ایک اہم حصہ ہے۔ اسی طرح چھوٹی گاڑیوں کے مالکان بھی پیٹرول کی قیمت میں اضافے سے متاثر ہوتے ہیں۔ حکومت کا موجودہ پروگرام ایسے ہی صارفین کو ریلیف دینے کی کوشش ہے۔ یہ ریلیف ملک بھر بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں فراہم کیا جارہا ہے۔ اس طرح پروگرام کا دائرہ وسیع رکھا گیا ہے تاکہ مختلف علاقوں میں رہنے والے اہل شہری اس سہولت سے فائدہ اٹھاسکیں۔ تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ ایسے عوامی فلاحی پروگراموں میں شفافیت، آسان رسائی اور مستحق افراد تک بروقت سہولت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ رجسٹریشن اور تصدیق کے عمل کو سادہ رکھا جائے تاکہ دور دراز علاقوں میں رہنے والے شہری بھی بلامشکل اس سہولت سے فائدہ اٹھاسکیں۔ ساتھ ہی شہریوں کو بھی چاہیے کہ وہ مقررہ طریقہ کار کے مطابق اپنی معلومات فراہم کریں اور کسی غیر متعلقہ شخص کو شناختی کارڈ یا دیگر حساس معلومات دینے سے گریز کریں۔

شہر قائد



آئی جی سندھ جاوید عالم کا سندھ مدرستہ الاسلام یونیورسٹی کا دورہ

وائس چانسلر ڈاکٹر مجیب صحرائی کے همراه جناح میوزیم' لائبریری' ٹی وی اسٹوڈیو کا معائنہ کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس سندھ، جاوید عالم اوڈھو نے جمعرات کو سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے وائس چانسلر ڈاکٹر مجیب صحرائی کے همراه سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی میں قائم جناح میوزیم، خان بہادر حسن علی آفندی لائبریری، ٹی وی اسٹوڈیو، حشمت لودھی یوتھ ڈیولپمنٹ سینٹر، آئی ٹی ٹاور، بزنس انکیوبیشن سینٹر اور اے آئی لیب کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس عظیم ادارے کا دورہ کرنا ان کے لیے بڑے اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ نہ صرف پاکستان کے بانی، قائداعظم محمد علی جناح نے یہاں تعلیم حاصل کی، بلکہ انہیں اس لیے بھی دوہری خوشی محسوس ہورہی ہے کیونکہ ان کے دادا اور پرنانا نے بھی بالترتیب 1920 اور 1930 کی دہائیوں میں یہاں تعلیم حاصل کی تھی۔ جاوید عالم اوڈھو نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی کے نصب العین "داخل ہوں، سیکھنے کے لیے اور خدمت کے لیے آگے بڑھیں" پر عمل کریں۔ جب نوجوان اپنی تعلیم مکمل کرکے عملی زندگی میں قدم رکھیں تو انہیں یقینا اپنے کیریئر کو تعمیر کرنا چاہیے اور اپنے خاندان کی فلاح وبہبود کو یقینی بنانا چاہیے، لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہیں اپنے ملک اور قوم کی خدمت بھی کرنی چاہیے۔ ایسی خدمت ہی ان کی زندگی کا بنیادی مقصد ہونا چاہیے۔ یونیورسٹی کے حشمت لودھی یوتھ ڈیولپمنٹ سینٹر کے دورے کے دوران طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے آئی جی پولیس نے کہا کہ جدید تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ طلبہ کو معاشرے کی بہتری میں بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ نوجوان، بشمول تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ، منشیات کی لعنت کا شکار ہو رہے ہیں، اور اس بات پر زور دیا کہ والدین، اساتذہ اور ساتھی طلبہ سب کو مل کر انہیں درست راستے پر گامزن کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ اے آئی لیب کے دورے کے دوران انہوں نے کہا کہ ایس ایم آئی یو اور سندھ پولیس مصنوعی ذہانت کے شعبے میں باہمی تعاون کریں گے اور جلد ہی ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کریں گے۔ سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر مجیب صحرائی کی جانب سے یونیورسٹی کو تعلیم کے ایک بہترین ادارے میں تبدیل کرنے کے کردار کو سراہتے ہوئے، آئی جی پولیس سندھ نے کہا کہ ڈاکٹر صحرائی نے اس تاریخی تعلیمی ادارے کو ہر لحاظ سے جدید خطوط پر استوار کیا ہے۔ تاہم، چونکہ مزید بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود رہتی ہے، اس لیے یونیورسٹی مستقبل میں بھی بہتر سہولیات کے ساتھ اپنے طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ ڈاکٹر مجیب صحرائی نے کہا کہ اپنے تاریخی کردار کی بدولت سندھ مدرس الاسلام یونیورسٹی ایک قومی ورثے کی حیثیت رکھتا ہے؛ تعلیم اور کردار سازی میں کامیابی پر مبنی اس کے 142 سالہ ورثے سے لاتعداد نسلوں نے استفادہ کیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نہ صرف ادارے کی تاریخی شناخت کو محفوظ رکھنے کی کوششیں کی گئی ہیں۔

ضلع انتظامیہ نے لیاقت آباد کے علاقے کراچی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کی نگرانی کی

اداکار آر جے عمران کی مقبولیت کا گراف بلندیوں کی جانب گامزن

بڑی اور چھوٹی اسکرین پر مسلسل کامرانیاں' مزید دو بڑی فلموں میں انتہائی اہم کردار میں نظر آئیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شوبز انڈسٹری کے معروف اور ورسٹائل اداکار آر جے عمران کی فنکارانہ صلاحیتوں کے سبب ان کی مقبولیت میں نمایاں اور بے پناہ اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے سینما گھروں میں دھوم مچانے والی کامیاب فلموں آگ لگے بستی میں اور ذوم عید کی شاندار پذیرائی کے بعد اب وہ مزید دو بڑی فلموں میں انتہائی اہم اور مرکزی کردار نبھاتے ہوئے نظر آئیں گے فلمی دنیا کے ساتھ ساتھ وہ چھوٹی اسکرین پر بھی مسلسل کامیابیوں کے جھنڈے گاڑ رہے ہیں ڈرامہ سیریل بس تیرا ساتھ ہو کی دھوم آج کل آن ایئر بلاک بسٹر ڈرامہ سیریل بس تیرا ساتھ ہو میں اداکار ایک منفرد اور باوقار وکیل کے روپ میں اپنی جاندار اداکاری کے جوہر دکھا رہے ہیں جسے شائقین کی جانب سے بے حد سراہا جارہا ہے اس حوالے سے میڈیا سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے آر جے عمران کا کہنا تھا کے نامور ہدایت کار قاسم علی مرید نے سیریل کے ہر کردار سے انتہائی خوبصورت اور باکمال کام لیا ہے یہی وجہ ہے کے یہ ڈرامہ مسلسل مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کررہا ہے نامور فنکاروں کی کہکشاں اور سیکھنے کا عمل معروف ڈرامہ نگار سائرہ رضا کے تحریر کردہ اس میگا پروجیکٹ کے مرکزی کاسٹ میں فرحان سعید ثنا جاوید فرحان طاہر صبا حمید ثمینہ ٹیپو شریف حارث وحید اور آر جے عمران شامل ہیں ڈرامے کی کامیابی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کے سکس سگما پلس پروڈکشن جیسے معتبر ادارے کے ساتھ کام کرنا ان کے لیے ایک بہترین تجربہ ثابت ہوا ہے اور ان کا وشوں سے انہیں فن کی نئی باریکیاں سیکھنے کا زبردست موقع ملا ہے ان کے بقول انڈسٹری کے میگا اسٹارز کے ساتھ اسکرین شیئر کرنا ان کے لیے انتہائی باعث اعزاز ہے آئندہ پروجیکٹس اور مصروفیت اپنے آنے والے کاموں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے آر جے عمران نے انکشاف کیا کے وہ اس وقت اپنی زیر تکمیل دو نئی فلموں کی تیاریوں میں سخت مصروف ہیں جن کی تفصیلی معلومات وہ جلد اپنے مداحوں کے ساتھ شیئر کریں گے۔ ٹی وی سیریلز کے علاوہ وہ ایک ویب سیریز کی تیاریوں میں بھی پیش پیش ہیں بے پناہ مصروفیت کا ذکر کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کے شوٹنگ کے باعث وہ آج کل اپنے اہل خانہ اور دوستوں کو مناسب وقت نہیں دے پا رہے۔

ڈپٹی کمشنر ضلع کورنگی مسعود بھٹو کی پولیو آگاہی واک میں خصوصی شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ کے زیر اہتمام پولیو سے بچاؤ اور عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے پولیو آگاہی واک کے عنوان سے ایک خصوصی آگاہی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں سرکاری اسکول کے بچوں، پولیو ڈسٹرکٹ ٹیم اور دیگر شرکا سمیت تقریبا 200 افراد نے شرکت کی۔ اس پروگرام میں پولیو سے بچاؤ اور حفاظتی اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ پروگرام کا آغاز ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ سے کیا گیا، جہاں شرکا نے پولیو کے خاتمے اور بچوں کی صحت کے تحفظ کے عزم کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ کی جانب سے گزشتہ عرصے کے دوران عوامی تحفظ اور صحت وطبی سائنس کے شعبے میں مختلف آگاہی پروگرامز اور سرگرمیوں کا انعقاد کیا جاتا رہا ہے۔ اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے پولیو سے بچاؤ کے لیے اس خصوصی آگاہی پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ اس پروگرام کا انعقاد ڈاکٹر عیسی لیبارٹری کورنگی برانچ کی مارکیٹنگ ٹیم ثنا صدیقی اور کلسٹر مینیجر انور شیخ نے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ون) سہیل انور آرائیں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کورنگی ڈاکٹر اشفاق، اسسٹنٹ کمشنر لانڈھی عبدالغنی، ٹاؤن چیئرمین لانڈھی عبدالجمیل خان، پیپلز پارٹی کے سیاسی مشیر عیسی قریشی اور نیشنل ریفائنری لمیٹڈ کے چیف میڈیکل آفیسر ڈاکٹر عارف خان سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ پولیو آگاہی مہم واک کا باقاعدہ آغاز ڈپٹی کمشنر کورنگی مسعود بھٹو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ون) سہیل انور آرائیں، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کورنگی ڈاکٹر اشتیاق اور دیگر معزز مہمانوں نے کیا۔ پروگرام میں سرکاری اسکول کے طلبہ، پولیو ڈسٹرکٹ ٹیم اور دیگر شرکا نے بھی شرکت کی۔

ماڑی پور، کراچی میں گندے پانی کی نکاسی اور نکاسی آب کے مسائل فوری توجہ کے متقاضی ہیں

سندھ بھر سے

ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو کا اولڈ سول ہسپتال میرپورخاص کا اچانک دورہ

ڈائیلازر ری پروسیسنگ مشین کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی، ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو کا اولڈ سول ہسپتال میرپورخاص کے ڈائیلاسز سینٹر، گائنی وارڈ، ایمرجنسی وارڈ، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میرپورخاص کے میل اور فیمیل ایمرجنسی وارڈ کا اچانک دورہ کیا ایڈیشنل کمشنر ٹو افشاں شیخ، ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون ندیم احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میرپورخاص ڈاکٹر سندیپ کمار، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ڈاکٹر ہیمجی چوہان، ڈاکٹر ماجد خان، ڈاکٹر غلام محمد بگھیو، اور دیگر افسران ان کے همراه تھے دورے کے دوران کمشنر شہمیر بھٹو کو بتایا گیا کہ ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کی کوششوں سے ڈائیلاسز سینٹر میں ادویات کی فراہمی ممکن ہونے اور دیگر مسائل حل ہو رہے ہیں جس سے ڈائیلاسز سینٹر بہتری کی طرف گامزن ہے دورے دوران بتایا گیا کہ ڈائیلاسز سینٹر میں ڈائیلازر ری پروسیسنگ مشین کی ضرورت ہے۔ جس پر کمشنر شہمیر بھٹو نے یقین دلایا کہ ڈائیلازر ری پروسیسنگ مشین کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔ بعدازاں کمشنر شہمیر بھٹو نے گائنی وارڈ اور ایمرجنسی وارڈ کا بھی دورہ کیا اور گائنی وارڈ میں بہتری لانے اور خواتین کی پیچیدہ بیماریوں کا بہتر طریقے سے علاج معالجہ کرنے کی ہدایات جاری کیں اس طرح اولڈ سول ہسپتال میرپورخاص کے ایمرجنسی وارڈ میں بھی ڈاکٹرز کی ڈیوٹی لگانے کے احکامات جاری کئے علاوہ ازیں کمشنر شہمیر بھٹو نے ڈپٹی کمشنر نواب سمیر حسین لغاری اور دیگر افسران کے همراه ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے میل اور فیمیل ایمرجنسی وارڈ کا بھی دورہ کیا اور ہسپتال میں صفائی ستھرائی، ادویات کی فراہمی اور بہتر طور پر علاج معالج کرنے کی ہدایات جاری کیں۔

سعودی عرب کے قومی دن کے حوالے سے کوٹری میں تقریب

کوٹری (بیورو) سعودی عرب کے 96ویں قومی دن کے حوالے سے کوٹری کے ملک محراب پارک میں تقریب منعقد۔ شہریوں کی جانب سے کیک کاٹا گیا اور جذبہ خیر سگالی کے تحت خوشی منائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق کوٹری کے ملک محراب پارک میں سعودی عرب کے 96ویں قومی دن کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں جمعہ بلوچ کی قیادت میں شہریوں نے سعودی عرب اور پاکستان کے باہمی تعلقات کو مظبوط بنانے اور یکجہتی کیلئے سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔

آئی بی اے ٹیسٹ پاس امیدواروں کا حیدرآباد پریس کلب پر تقرری خطوط کے لیے احتجاج

بیرانی میں 2 کروڑ کی لاگت سے بینظیر بھٹو پبلک پارک کا افتتاح

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) بیرانی شہر کے رہائشیوں بالخصوص بچوں کو تفریح کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر قرت العین مری نے ایم این اے شازیہ عطا مری کی کوششوں سے 2 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے بینظیر بھٹو پبلک پارک کا افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر قرت العین مری نے کہا کہ بیرانی شہر میں شہریوں، بالخصوص بچوں کے لیے کوئی مناسب تفریحی پارک موجود نہیں تھا، جس کے باعث انہیں صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے لیے بہتر ماحول میسر نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ایجوکیشن ورکس کے تحت ایم این اے شازیہ عطا مری کی کوششوں سے قائم ہونے والا یہ پارک ہے۔

وزیراعلی سندھ کے خصوصی معاون، شام سندر، حیدرآباد میں حسن آباد رہائشی سوسائٹی کے استقبالیہ میں معززقرار دیے گئے

گرو گرین نیٹ ورک کا اسٹیٹ بینک سے مطالبہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) گرو گرین نیٹ ورک نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے رعایتی قرضوں کی پالیسی متعارف کرائے۔ صاف توانائی کے فروغ، درآمد شدہ گیس پر مبنی بجلی گھروں کے بتدریج خاتمے اور توانائی ونقل وحمل کے شعبوں میں مہنگے درآمدی ایندھن پر ملک کے انحصار کو کم کرنے کے لیے دو اہم پالیسی اقدامات پر زور دینے کی غرض سے پالیسی سازوں، مالیاتی اداروں، توانائی کے شعبے کے ماہرین اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے بروز بدھ میرپورخاص میں منعقدہ ایک عوامی فورم میں شرکت کی۔ عوامی فورم کا عنوان درآمدی ایندھن سے نجات: توانائی کا تحفظ اور صاف ستھری نقل وحرکت یقینی بنانا تھا۔ یہ فورم ایڈووکیسی، ریسرچ، ٹریننگ اینڈ سروسز) آرٹس (فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقد کیا گیا، جو گرو گرین نیٹ ورک کا رکن ہے، جبکہ انڈس کنسورشیم نے اس میں تعاون کیا۔ فورم میں اراکین پارلیمنٹ، ماہرین تعلیم، صحافیوں، سول سوسائٹی کے نمائندگان، ماحولیاتی کارکنوں، کمیونٹی پر مبنی تنظیموں اور قابل تجدید توانائی کے منصوبہ سازوں اور ڈویلپرز نے شرکت کی۔ فورم میں محمد ریاض، سربراہ آٹو انڈسٹریز و مالک تھرپارکر موٹرز، نزاکت میر جت صدر رئیل اسٹیٹ اونر ایسوسی ایشن، خالد پرویز، نمائندہ رئیل اسٹیٹ ایجنسی، غلام اکبر، سولر انرجی ٹریڈرز، مسعود عباس، صدر پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن، شہزادی انجم، محمد اسلم پنہور، شیر محمد سولنگی، مقبول شر، گہرام بلوچ، فتح خان کھوسو سمیت سماجی رہنماں، صحافی عبید کوری اور دیگر اداروں کے نمائندگان اور نوجوانوں نے شرکت کی۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی نیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کردیئے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی نیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعوی کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

ڈگری پولیس کی منشیات کیخلاف کارروائی' دو ملزمان گرفتار

ڈگری (نامہ نگار) ڈگری پولیس کی منشیات کے خلاف جاری کارروائی دو ملزمان گرفتار سفینہ برآمد دو الگ مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ڈگری پولیس کی ایس ایچ او نجے کمار کی سربراہی میں منشیات کے خلاف جاری کاروائیوں میں پولیس زرائع کے مطابق ڈگری پولیس نے معمول کے گشت کے دوران ڈگری کے مرکزی چوک سے دولت رام اور جگدیش کو حراست میں لیکر ان سے سفینہ برآمد کرلی ہے۔

شکارپور: کانسٹیبل کے قاتلوں کی عدم گرفتاری پر چوہان برادری کا احتجاج

شکارپور (نامہ نگار) چند روز قبل قتل ہونے والے پولیس کانسٹیبل عاشق چوہان کے قاتلوں کی عدم گرفتاری کے خلاف چوہان برادری کے مرد وخواتین کی بڑی تعداد نے گھنٹہ گھر چوک پر احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے سڑکوں پر رکاوٹیں کھڑی کرکے راستے بند کردیئے اور پولیس کے خلاف شدید نعرے بازی کی، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ پولیس کانسٹیبل عاشق چوہان کو چند روز قبل مبینہ طور پر بااثر افراد نے قتل کیا، تاہم واقعے میں ملوث ملزمان تاحال گرفتار نہیں ہوسکے۔ مقتول کے ورثا اور برادری کے افراد نے الزام عائد کیا کہ مبینہ قاتل انہیں مقدمے سے دستبردار ہونے کے لیے دباؤ ڈال رہے ہیں اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ مظاہرین نے مزید الزام عائد کیا کہ انہیں اور مقدمے کے گواہوں کو بھی جھوٹے مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 1

کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے سرکاری افسران کا حساس ڈیٹا بیرون ملک فروخت کیے جانے، سوشل میڈیا پر نامناسب اور توہین اسلام سے متعلق مواد، کال سینٹرز کے ذریعے مبینہ 172 ارب روپے کے فراڈ اور جعلی سمز کے ذریعے مالی دھوکہ دہی کے معاملات پر غور کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے بریفنگ لی۔ تفصیلات کے مطابق پلوشہ خان کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں پاکستانی افسران کا حساس ڈیٹا بیرون ملک فروخت کرنے کا ایجنڈا زیر غور آیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے نے بتایا کہ حال ہی میں راولپنڈی میں ایک گینگ پکڑا گیا ہے جو پیسوں کے عوض اعلیٰ افسران کا ڈیٹا بیرون ملک فروخت کر رہا تھا، جبکہ بیوروکریسی اور اعلیٰ اداروں کی شخصیات کا حساس ڈیٹا فروخت کرنے والا گروہ بھی دھر لیا گیا ہے۔ سینیٹر افنان اللہ نے کہا کہ بلاشبہ سے متعلق ہمارے پاس ثبوت آئے ہیں اور ٹک ٹاک لائیو پر انتہائی نامناسب اور خطرناک حرکتیں ہو رہی ہیں ٹک ٹاک لائیو پر توہین اسلام کے حوالے سے مواد بنایا جا رہا ہے جبکہ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے نے کہا کہ این سی سی آئی اے پی ٹی اے سے تحریری طور پر درخواست کرتا ہے۔ چیئرمین پی ٹی اے نے بتایا کہ ٹک ٹاک لائیو پر سرکاری طور پر پاکستان میں پابندی ہے، تاہم وی پی این کا استعمال کر کے ٹک ٹاک لائیو کے استعمال کے حوالے سے کچھ نہیں ہو سکتا سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ جان بوجھ کر معاشرے میں ایسی چیزیں پھیلائی جا رہی ہیں۔ چیئرمین پی ٹی اے نے بتایا کہ کچھ ممالک نے 16 سال سے کم عمر بچوں کے سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی عائد کی ہے۔ بچوں کے سوشل میڈیا استعمال کی عمر کی حد مقرر کرنے کے حوالے سے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات کی ہے اور پاکستان میں روزانہ کی بنیاد پر سوشل میڈیا سے متعلق 500 شکایات آ رہی ہیں جبکہ کمیٹی ارکان نے 16 سال سے کم عمر بچوں کے لیے انٹرنیٹ پر سختی کرنے پر زور دیا۔ قائمہ کمیٹی نے سرکاری افسران کے لیے مختص میٹنگ کی سیرا ایپ بنانے کی سفارش کرتے ہوئے پی ٹی اے کو ایپ بنانے کے حوالے سے کام شروع کرنے کی ہدایت بھی کی اجلاس میں ایف آئی اے حکام نے کال سینٹر کے ذریعے مبینہ طور پر 172 ارب روپے کے فراڈ پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کمپنیوں کی ایس ای سی پی میں رجسٹریشن کرا کے فراڈ کیا گیا۔ فراڈ کرنے والوں میں چینی اور پاکستانی شامل تھے اور کال سینٹرز میں فراڈ سے متعلق تحقیقات کے لیے تکنیکی ماہرین کی ضرورت ہے جو این سی سی آئی اے کے پاس ہیں جبکہ این سی سی آئی اے حکام نے بتایا کہ فراڈ کر کے رقم کرپٹو کے ذریعے بیرون ممالک منتقل کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 2

کو بلا امتیاز فوری طور پر بنایا جائے۔ وزیر داخلہ نے اسلام آباد کی تمام سڑکوں کی بیوٹیفکیشن کا منصوبہ فوری شروع کرنے کی ہدایت بھی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ سڑکوں، گرین بیلٹس، خالی مقامات کی خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ محسن نقوی نے خالی مقامات پر بڑے پیمانے پر پودے لگانے کے احکامات بھی دیے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی گرینری کو مزید بہتر بنایا جائے۔ اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے، یہ ہر لحاظ سے کیپٹل سٹی نظر آنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 3

مطابق وزیر اعلیٰ سندھ کی منظوری کے بعد خالی آسامیوں پر 5 وکلا کو اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل مقرر کیا گیا ہے۔ مقرر کیے گئے وکلا میں محمد شاہد، عبدالوحید، سلمان احمد، امجد حسین بلھڑو اور صائمہ امداد منگی شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن میں تمام نئے مقرر ہونے والے لا افسران کو ایڈووکیٹ جنرل سندھ کے دفتر میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ قانون سندھ کے سیکریٹری سعید احمد شیخ کی جانب سے اس سلسلے میں نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 4

شوکت یوسفزئی، شاہد خٹک، شفیع جان نے شرکت کی، پنجاب سے سلمان اکرم راجہ اجلاس میں شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 5

ے سلامتی کونسل اجلاس میں پاکستان کا مؤقف پیش کیا اور کہا مصنوعی ذہانت کے ڈیزائن، ترقی اور استعمال میں انسانی فیصلہ سازی اور کنٹرول برقرار رہنا چاہیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ فوجی شعبے میں غلط اندازوں اور مختصر وقت میں فیصلوں کے خطرات سے نمٹنے کے لیے احتیاط اور اعتماد سازی ضروری ہے، اے آئی کی ترقی کی رفتار کو برقرار رکھنے کے نام پر ٹیکنالوجی تک رسائی محدود نہیں ہونی چاہیے، مصنوعی ذہانت کی حکمرانی کے لیے اقوام متحدہ کے تحت جامع اور نمائندہ فورم ضروری ہیں، جنیوا میں اقوام متحدہ کے پہلے گلوبل ڈائیلاگ آن اے آئی گورننس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ نائب وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ مصنوعی ذہانت کو ہتھیاروں کی دوڑ کا ایک اور میدان بننے سے روکنا ہوگا، پاکستان مصنوعی ذہانت کے عالمی تعاون، عالمی اے آئی تقسیم ختم کرنے کے لیے پرعزم ہے، مصنوعی ذہانت تک مساوی رسائی امن اور ترقی کے لیے ضروری ہے، پاکستان عالمی مصنوعی ذہانت تعاون تنظیم WAICO کا بانی رکن ہے۔

بقیہ نمبر 6

سامنے ہوں۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اتنے سنجیدہ حالات میں جب بڑی سیاسی جماعت کی جانب سے لانگ مارچ ہونے جا رہا ہو تو بات چیت ضرور ہونی چاہیے اور حکومت کو کہوں گا کہ لانگ مارچ میں آنے والے سیاسی لوگوں پر ریٹ لانچر استعمال کرنے کا وقت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی لوگوں پر ریٹ لانچر استعمال نہیں کیے جاتے، ان کی بات سنی جاتی ہے اور شکایات حل کی جاتی ہیں، سیاسی لوگوں کو انصاف دیا جاتا ہے، ان کی بات غور سے سنی جاتی ہے اور انا کو ایک طرف رکھا جاتا ہے، یہ سارا معاملہ جنگ انا بنا ہوا ہے، حکومت کو اپنی انا جھکانا ہوگی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ریٹ لانچر کا استعمال ختم کر کے کوئی ایسا راستہ نکالنا ہوگا، ہم نہیں چاہتے عوام اور قانون کے رکھوالے ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوں، ہم کہہ رہے ہیں ہماری بات سنی جائے، ہم پرامن ہیں اور اپنے حقوق کے لیے نکل رہے ہیں، ہم انصاف کی آواز اٹھا رہے ہیں اور بار بار کہا ہمیں سنا نہیں گیا اور انصاف نہیں ملا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزرا جو مرضی بیانات دیں، کسی وزیر نے یہ نہیں کہا کہ ہم نے پی ٹی آئی کی بات سنی اور انصاف دیا، پارٹی نے اپنا پروگرام بہت پہلے اعلان کیا ہوا ہے، اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی، جہاں تک اعتماد کا تعلق ہے تو سہیل آفریدی ہمارے وزیر اعلیٰ ہیں اور بانی پی ٹی آئی کو سہیل آفریدی پر اعتماد ہے، ان شا اللہ وہی وزیر اعلیٰ رہیں گے، سہیل آفریدی کو ہم سب کی حمایت حاصل ہے، یہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایات ہیں۔

بقیہ نمبر 7

پر لازم ہے کہ انہیں ملازمت سے متعلق ان کے جائز حقوق ادا کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کے حقوق سے متعلق ماضی میں بھی ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ کے فیصلے سامنے آ چکے ہیں۔ فاروق ستار نے میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے اختیارات سے متعلق بھی سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر میئر کو اختیارات دیے جائیں تو بلدیاتی نظام بہتر انداز میں کام کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے مختلف شہروں کو یکساں بنیادوں پر ترقی دینے کی ضرورت ہے اور صوبے کے وسائل کی تقسیم میں تمام علاقوں کو حصہ ملنا چاہیے۔ فاروق ستار نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم نئے انتظامی یونٹس اور بااختیار بلدیاتی نظام کے مؤقف پر قائم ہے اور اس معاملے پر سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 8

ٹراما سینٹر تعمیر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پمز میں ساڑھے 7 ارب روپے کی لاگت سے نیا ٹراما سینٹر مکمل کیا گیا ہے۔ پمز میں 10 ارب روپے کی لاگت سے 205 بستروں پر مشتمل نیا کینسر اسپتال بھی تعمیر کیا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پمز ہسپتال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پمز میں اس سے قبل کینسر کے مریضوں کے لیے صرف 11 بستروں کی سہولت موجود تھی، تاہم نئے کینسر اسپتال کی تکمیل سے اس شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے بتایا کہ پمز کی پرانی عمارت کے حوالے سے 2018 سے ایک منصوبہ تیار تھا، تاہم پہلے پی سی ون اور بعد ازاں دوسرے پی سی ون میں خامیاں سامنے آئیں۔ کام شروع ہونے کے بعد پی ڈبلیو ڈی بند ہو گیا، جس کے بعد سی ڈی اے نے عمارت کی تعمیر کا کام شروع کیا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ انہوں نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے رابطہ کر کے تعمیراتی کام تیز کرایا۔ انہوں نے بتایا کہ مدر اینڈ چائلڈ ہیلتھ (ایم سی ایچ) سینٹر میں مرمتی کام 15 نومبر تک مکمل ہو جائے گا۔ پمز میں نئے اسپتالوں کی تعمیر سمیت مختلف ترقیاتی کام پہلے سے جاری ہیں۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ حکومت لیبارٹری کے حوالے سے ایک نجی کمپنی کے ساتھ شراکت داری کرنے جا رہی ہے، جس کے تحت مریضوں کے ٹیسٹ بغیر اضافی رقم خرچ کیے کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوشش ہے کہ پمز آنے والے مریضوں کو ایک بھی ٹیسٹ باہر سے نہ کرانا پڑے۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ہیپاٹائٹس کا 7 ہزار روپے مالیت کا ٹیسٹ مفت کیا جا رہا ہے، جبکہ 34 ہزار روپے مالیت کی دوا بھی مفت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہیپاٹائٹس کے حوالے سے اب تک 70 ہزار ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں، جبکہ نادرا کے ساتھ بھی معاہدہ موجود ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے عوام سے اپیل کی کہ وہ مفت ہیپاٹائٹس ٹیسٹ کی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ہیپاٹائٹس کے ایک کروڑ 10 لاکھ مریض ہیں اور یہ بیماری جگر کے کینسر میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 سال سے زائد عمر کے افراد کے لیے ٹیسٹ لازمی قرار دیا جائے گا اور عوام کو مفت سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 9

اجرا، مالی معاونت، طبی مسائل، پریس کلبز سے متعلق امور اور دیگر فلاح و بہبود کے معاملات کے فوری حل کیلئے جرنلسٹس فیسیلیٹیشن ڈیسک سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ محکمہ اطلاعات سندھ نے کہا ہے کہ ڈیسک کے ذریعے صحافیوں کے مسائل کے ازالے اور انہیں متعلقہ امور میں رہنمائی فراہم کرنے کا عمل آسان بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 10

ل 19 فیصد کی برقرار رکھتے ہوئے کمپنی کی اپیل مسترد کردی تاہم فیصلے سے کراچی کے تقریباً 35 لاکھ صارفین کے بجلی کے بلوں میں کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ فیصلے کے بعد کے الیکٹرک کا اوسط بنیادی ٹیرف 32.37 روپے فی یونٹ برقرار رہے گا جو 2025 میں منظور کیے گئے 39.97 روپے فی یونٹ کے مقابلے میں 7.60 روپے کم ہے۔ نئے ٹیرف میں تقریباً 27.83 روپے فی یونٹ بجلی کی خریداری، 2.40 روپے ترسیل اور 2.90 روپے تقسیم کے اخراجات شامل ہیں جب کہ سپلائی کے اخراجات میں تقریباً 0.78 روپے فی یونٹ کی کریڈٹ رقم بھی شامل ہے۔ کے الیکٹرک کی جانب سے ٹیرف میں کمی کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا تاہم اپیلیٹ ٹریبونل نے کمپنی کی اپیل مسترد کردی۔ یہ معاملہ 27 مئی 2025 کو شروع ہوا تھا جب نیپرا نے کے الیکٹرک کے ٹیرف میں 6.15 روپے فی یونٹ اضافے کی منظوری دی تھی جس کے بعد مالی سال 2023-24 کے لیے کمپنی کا ٹیرف 39.97 روپے فی یونٹ ہو گیا تھا۔

بقیہ نمبر 11

اشتہار دیکھ کر ڈیفنس میں قائم کمپنی کے دفتر پہنچے، جہاں انہیں پسند کی پرانی گاڑی 20 فیصد ڈاؤن پیمنٹ پر دینے کی پیشکش کی گئی۔ متاثرہ شہری کے مطابق کمپنی نے گاڑی کی مبینہ فرضی قیمت کا 20 فیصد وصول کر کے اسٹامپ پیپر پر معاہدہ کرایا اور 2 ضامن بھی لیے۔ اسے 6 روز میں کیس منظور کر کے گاڑی دینے کا کہا گیا، تاہم 5 روز بعد پیغام کے ذریعے بتایا گیا کہ ضامن کے نادہندہ ہونے کے باعث کیس ریفنڈ میں بھیج دیا گیا ہے۔ سید طٰہٰ نواز کے مطابق دفتر پہنچنے پر معاہدے کی ایک شق دکھا کر بتایا گیا کہ رقم 3 ماہ بعد واپس کی جائے گی، جس کے بعد وہ کئی ماہ تک رقم کی واپسی کیلئے دفتر کے چکر لگاتے رہے، تاہم رقم واپس نہیں کی گئی۔ متاثرہ شہری کی شکایت پر گزری تھانے میں مقدمہ درج کیا گیا۔ پولیس کارروائی کے دوران بعض نوجوان لڑکے اور لڑکیاں گرفتار ہوئے جنہیں پولیس نے بے قصور قرار دے کر چھوڑ دیا، جبکہ بعض ملزمان نے ضمانت حاصل کرلی۔ متاثرین کے مطابق بعد ازاں بعض افراد نے گلشن اقبال، فیڈرل بی ایریا اور دیگر علاقوں میں نئے دفاتر قائم کر کے اسی نوعیت کے سوشل میڈیا اشتہارات کے ذریعے لوگوں کو راغب کرنا شروع کر دیا۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق سمیر سے ساڑھے 4 لاکھ، عبدالمعین سے 4 لاکھ، راشد سے 2 لاکھ 15 ہزار، چنگیز سے ایک لاکھ 20 ہزار، جمشید علی سے ساڑھے 3 لاکھ، فوزیہ جہاں سے ساڑھے 3 لاکھ، فصیح سے ایک لاکھ 60 ہزار، بلال سے 2 لاکھ 70 ہزار، دانش سے ساڑھے 5 لاکھ، عدنان اقبال سے ایک لاکھ 30 ہزار اور عمران سے 6 لاکھ 40 ہزار روپے مبینہ طور پر وصول کیے گئے۔ پولیس کے مطابق محمد وسیم، حافظ مرتضیٰ، مدیحہ انصاری اور شیان عرف احمد اس گروہ کے مبینہ مرکزی کردار ہیں، جن کے خلاف متعدد مقدمات درج ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گروہ مبینہ طور پر نام تبدیل کر کے مختلف پرکشش ناموں سے جعلی کمپنیوں کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس بناتا ہے، کراچی سمیت مختلف شہروں میں دفاتر قائم کرتا ہے اور فراڈ کا انکشاف ہونے پر کمپنی کا نام اور دفتر کا مقام تبدیل کر لیتا ہے۔ متاثرین نے مطالبہ کیا ہے کہ سوشل میڈیا پر ایسی جعلی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی جائے، ان کے خلاف درج مقدمات کی مؤثر تحقیقات کی جائیں اور شہریوں سے وصول کی گئی رقوم کی واپسی کیلئے قانونی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 12

والی معروف شخصیات نے شرکت کی، جن میں اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان اور معروف مصور جمی انجینئر بھی شامل تھے۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ ریجن جاوید اکبر ریاض نے کہا کہ ڈی ایل اے فیسیلیٹیشن سینٹر کا قیام شہریوں کو جدید، شفاف اور میرٹ پر مبنی ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولت فراہم کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ ابتدائی طور پر مرکز میں موٹر سائیکل، کار، جیپ اور ایل ٹی وی کیٹیگریز کے ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری ڈرائیونگ لائسنسنگ نظام محفوظ ڈرائیونگ، ٹریفک قوانین کی پابندی اور ذمہ دارانہ ٹریفک کلچر کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔ جدید ٹیکنالوجی پر مبنی نظام کے ذریعے لائسنسنگ کے عمل میں شفافیت اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان نے کہا کہ جدید ڈرائیونگ لائسنسنگ فیسیلیٹیشن سینٹر کراچی اور سندھ کے عوام کیلئے موٹروے پولیس کا اہم اور مفید اقدام ہے۔ دریں اثنا ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ ریجن جاوید اکبر ریاض نے زونل آفس ساؤتھ کراچی میں قائم نئے آپریشنل مانیٹرنگ سینٹر کا بھی افتتاح کیا۔ انہیں جدید آپریشنل مانیٹرنگ سسٹم اور موٹروے پولیس کے آپریشنل امور کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ حکام کے مطابق جدید آپریشنل مانیٹرنگ سینٹر کے قیام سے موٹروے پولیس کے آپریشنل نظام، نگرانی اور بروقت رسپانس کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 13

منشیات کی ترسیل کے اہم خطے میں واقع ہے۔ دنیا بھر میں 30 کروڑ سے زائد افراد منشیات استعمال کرتے ہیں، جن میں بڑی تعداد 18 سے 35 سال کی عمر کے افراد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ منشیات فروش سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کو راغب کرنے کیلئے مختلف مہمات چلا رہے ہیں، جبکہ بالائی متوسط اور نچلے متوسط طبقے کے افراد اور خواتین بھی تیزی سے اس رجحان کا شکار ہو رہے ہیں۔ ڈاکٹر مشتاق عمرانی نے بتایا کہ موجودہ دور میں منشیات کو رنگ برنگی ٹافیوں، چاکلیٹ، توانائی بخش مشروبات اور بعض ادویات سمیت مختلف اشیا میں شامل کر کے فروخت کیے جانے کی اطلاعات ہیں۔ ان کے مطابق مصنوعی منشیات کا ایک بار استعمال بھی دوبارہ استعمال کی طلب میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الکوحل کے علاوہ نیند کی گولیاں، ناک کے ذریعے استعمال ہونے والی نشہ آور اشیا، ہذیانی کیفیت پیدا کرنے والی منشیات، آکسی کوڈن، کلب ڈرگز، بھنگ، چرس اور کوکین بھی نشہ آور اشیا میں شامل ہیں۔ اے این ایف اہلکار نے کہا کہ نوجوان قوم کا مستقبل ہیں، طلبہ کو منشیات کے خلاف آگاہی اور روک تھام کی کوششوں میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ کسی بھی غیر معمولی سرگرمی کی اطلاع 114 پر دیں، اطلاع دینے والے کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔ ہمدرد یونیورسٹی کے ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن کرنل (ر) طاہر مصطفیٰ نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے اے این ایف کے وفد کا خیر مقدم کیا اور یونیورسٹی میں منشیات کے خلاف آگاہی نشست کے انعقاد میں تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ نشست میں طلبہ و طالبات، اساتذہ اور یونیورسٹی اسٹاف نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 14

تحت پہلی گرین پلیٹ جاری کردی گئی جبکہ آر ٹی او ٹو کراچی کے چیف کمشنر نے آرام باغ اور گلشن اقبال کے دکانداروں کو گرین پلیٹیں فراہم کیں۔ آر ٹی او ٹو کراچی کے چیف کمشنر نے فوکل پرسن عبدالوحید شر اور سید منظور علی کے ہمراہ آرام باغ میں ایک دکان کا دورہ کیا اور ٹیکس فائل کرنے والے دکاندار کو گرین پلیٹ فراہم کی۔ اس موقع پر ایف بی آر حکام نے ٹیکس ادا کرنے والے دکانداروں کو قومی خزانے میں حصہ ڈالنے پر سراہا۔ حکام کے مطابق تاجر آسان پروگرام سے استفادہ کرنے والے دکانداروں کو گرین پلیٹ جاری کی جا رہی ہے، جسے وہ اپنی دکان کے باہر نمایاں مقام پر آویزاں کریں گے۔ گرین پلیٹ اس امر کی علامت ہوگی کہ متعلقہ دکاندار ایف بی آر کے تحت ٹیکس فائلر ہے۔ گرین پلیٹ حاصل کرنے والے دکانداروں نے ایف بی آر کے اقدام پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے امسال شاپ کیپر اسکیم کے تحت ٹیکس فائل کیا ہے، جس کے بعد ایف بی آر حکام خود ان کے پاس گرین پلیٹ دینے آئے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکام کی جانب سے مارکیٹوں کے دوروں سے تاجروں میں ٹیکس کے حوالے سے پائے جانے والے خدشات اور خوف میں کمی آئے گی۔ دکانداروں نے کہا کہ ٹیکس ادا کرنا قومی ذمہ داری ہے، "ایک دکاندار، ایک صفحہ اور ایک فیصد ٹیکس" کے اصول سے قومی خزانے کو مستحکم کرنے اور ملکی مسائل کے حل میں مدد مل سکتی ہے۔ دکانداروں کے مطابق گرین پلیٹ کے اجرا سے انہیں یہ اعتماد حاصل ہوا ہے کہ ٹیکس نظام میں شامل ہونے والے چھوٹے کاروباری افراد کو سہولت اور تحفظ فراہم کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گرین پلیٹ آویزاں کرنے کے بعد نہ آڈٹ کی ضرورت ہوگی اور نہ ہی کسی مشین کی تنصیب کرنا ہوگی، جبکہ کوئی افسر بلاجواز دکان میں داخل نہیں ہوگا۔ ایف بی آر حکام نے تاجروں کو یاد دہانی کراتے ہوئے کہا کہ ٹیکس ریٹرن فائل کرنے کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 ہے، اس لیے متعلقہ دکاندار مقررہ تاریخ تک اپنی ریٹرن جمع کرائیں۔

بقیہ نمبر 15

کے ساتھ ساتھ تربیت کا عمل بھی لازم و ملزوم ہے، سیاسی عدم استحکام کے باعث ماضی میں منصوبے تکمیل تک نہ پہنچ سکے۔ انہوں نے کہا کہ ناخواندگی کی شرح میں کمی لا کر تعلیم کو گھر گھر تک پہنچانا ہوگا، ہمارے ملک میں 63 فیصد خواندگی کی شرح ہے جبکہ دنیا میں یہ شرح 90 فیصد سے زائد ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہمارے اڑھائی کروڑ بچے سکولوں سے باہر ہیں کیونکہ ماں باپ تعلیم کی اہمیت نہیں سمجھتے، صحت کے معاملے میں بھی ہم لاپروا ہیں اور پاکستان دنیا میں شوگر سے متاثرہ ملکوں میں پہلے نمبر پر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں بیماری سے پہلے ہی سماجی رویے بہتر کر کے بیماری کو روکنا ہوگا، ہمارے ملک میں آبادی کی شرح میں 2 اعشاریہ 55 فیصد اضافہ ہو چکا ہے، کوئی بھی ملک اس شرح کے ساتھ ترقی نہیں کر سکتا۔ احسن اقبال نے سوال کیا کہ کیا آپ نے بھوکے اور ان پڑھ بچوں کی فوج رکھنی ہے یا صحت مند تعلیم یافتہ نسل تیار کرنی ہے؟ انہوں نے کہا کہ پہلے پانچ سالوں میں بچے کا 90 فیصد دماغ مکمل ہو جاتا ہے، ہمیں آگاہی نہیں کہ بچے کے پہلے پانچ سال اہم ترین ہیں، جس میں بچے کو بہترین ماحول فراہم کرنا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 16

کے مطابق گرفتار ملزمان ساحل سمندر پر آنے والے شہریوں کو نشانہ بنا کر موبائل فون اور دیگر قیمتی اشیا چھینتے تھے۔ ملزمان نے دوران تفتیش درخشاں تھانے کی حدود میں درجنوں وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ پولیس حکام نے کہا کہ ملزمان نے 19 اگست کو ایک شہری سے قیمتی موبائل فون چھیننے کی واردات کا بھی اعتراف کیا۔ دونوں ملزمان کو سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے گرفتار کیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے شہریوں سے چھینے گئے موبائل فون بھی برآمد ہوئے ہیں، جن کا ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے جبکہ مزید وارداتوں اور دیگر ساتھیوں کے حوالے سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 17

پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان متعدد مقابلے ہوئے، جن کے دوران پولیس کے مطابق 4 مسلح ملزمان ہلاک جبکہ 4 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران پولیس نے متعدد پستول، گولیاں، میگزین، موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز بھی برآمد کیے تیموریہ تھانے کی حدود ڈی سی آفس، بلاک N نارتھ ناظم آباد کے بالمقابل پولیس مقابلے میں لوٹ مار میں ملوث 3 مسلح ملزمان ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزمان کے قبضے سے 3 پستول، ایک موٹر سائیکل اور موبائل فونز برآمد ہوئے تیموریہ تھانے کی حدود پی این ایس سی فلیٹس، بفرزون سیکٹر 15-A/3 میں ایک اور پولیس مقابلے کے دوران زبیر اور نبیل نامی 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 پستول، 3 میگزین، 3 موبائل فونز اور ایک 125 موٹر سائیکل برآمد کی گئی سرسید تھانے کی حدود سیکٹر 9، باب الاسلام مسجد کے قریب پولیس مقابلے میں شہری سے واردات کرنے والا ایک مسلح ڈکیت ہلاک ہو گیا جبکہ اس کے دو ساتھی فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے 9 ایم ایم پستول اور موبائل فون برآمد ہوا شاہراہ نور جہاں تھانے کی حدود میں روڈ کٹی پہاڑی، بلاک R نارتھ ناظم آباد میں پولیس مقابلے کے دوران محمد شہباز نامی ملزم زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ اس کا ساتھی فرار ہو گیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول، لوڈ میگزین، 6 زندہ گولیاں اور موبائل فون برآمد کیا گیا بلال کالونی تھانے کی حدود سیکٹر 5E اپنا لان کے قریب پولیس مقابلے میں علی حسن نامی ملزم زخمی حالت میں گرفتار ہوا جبکہ اس کا ساتھی عرفان بھٹی فرار ہو گیا۔ گرفتار ملزم کے قبضے سے 30 بور پستول، 3 زندہ راؤنڈز اور موبائل فون برآمد ہوا پولیس کے مطابق تمام زخمی گرفتار ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا، جبکہ ہلاک ملزمان کی لاشیں ضابطے کی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کی گئیں پولیس نے فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کر دی ہے جبکہ ہلاک اور گرفتار ملزمان کے کرمنل ریکارڈ کی جانچ، مقدمات کے اندراج اور مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 18

گیا ہے۔ ہیڈ کوچ مائیک ہیسن صاحبزادہ فرحان کو کپتان رکھے جانے کے حق میں ہیں، 2028 کے ٹی 20 ورلڈ کپ کو مدنظر رکھ کر کھلاڑیوں کا پول تیار کرنے کا منصوبہ ہے۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان تین ٹی 20 میچز کی سیریز شیڈول ہے، ٹی ٹوئنٹی سیریز 9، 11 اور 13 اکتوبر کو راولپنڈی میں شیڈول ہے۔

بقیہ نمبر 19

و دونوں کے درمیان شدید جھگڑے بھی ہوتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میاں بیوی کے درمیان ایک عام لڑائی ہوتی ہے جبکہ کبھی کبھار بات جارحانہ جھگڑے تک بھی پہنچ جاتی ہے۔ اداکارہ نے کہا ہے کہ میں اور مائی دن میں کئی مرتبہ لڑتے ہیں لیکن میں نے کبھی یہ نہیں سوچا تھا کہ میرا شوہر ہی میرا دوست بن جائے گا۔

بقیہ نمبر 20

اپنے بیان میں ڈاکٹر فاروق ستار نے امید ظاہر کی کہ حنیف گوہر اپنے طویل تجربے اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تعمیراتی اور رہائشی شعبے کو درپیش مسائل کے حل اور اس کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آباد ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرنے والا ادارہ ہے، حنیف گوہر کی قیادت میں تعمیراتی شعبے کو مزید ترقی اور استحکام حاصل ہوگا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے نو منتخب چیئرمین حنیف گوہر اور ان کی پوری ٹیم کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی کامیابی کیلئے دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 21

پر استوار کرنے کی جانب اہم اقدام قرار دیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری کی جانب سے پیش کیے گئے منصوبے کے تحت کورنگی فشریز ہاربر میں فش فارمنگ، ہیچریز، تحقیق، پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن کے لیے جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ منصوبے کے مطابق میری کلچر اسٹیٹ میں 30 ایکڑ پر میری کلچر زون، 20 ایکڑ پر ہیچری زون، 20 ایکڑ پر ایکوا ریسرچ پارک جبکہ 20 ایکڑ رقبے پر کمرشل ڈسٹرکٹ قائم کیا جائے گا۔ مجوزہ اسٹیٹ میں کولڈ چین، کمرشل سہولیات اور جدید انفراسٹرکچر کے علاوہ پائیدار ترقی کے نظام بھی متعارف کرائے جائیں گے، جس سے فشریز کے شعبے میں سرمایہ کاری اور جدید کاروباری سرگرمیوں کے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔ منصوبے کے مطابق میری کلچر اسٹیٹ کے قیام سے فشریز کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے، سمندری مصنوعات کی برآمدات بڑھانے اور کراچی سمیت ساحلی علاقوں میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 22

جائے یا اسے وفاق کے زیر انتظام کیا جائے۔ لاڑکانہ کے شہریوں نے بھی ترقیاتی کاموں سے متعلق شکایات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے اعلانات کے باوجود عملی طور پر انہیں مطلوبہ سہولیات دستیاب نہیں۔ حیدرآباد کے شہریوں کا کہنا تھا کہ بڑے پیمانے پر فنڈز مختص کیے جانے کے باوجود شہر کے بعض علاقوں میں پینے کے صاف پانی سمیت بنیادی سہولیات کا مسئلہ برقرار ہے۔ شہریوں کے مطابق بڑھتی ہوئی آبادی اور شہری مسائل کے باعث موجودہ انتظامی ڈھانچے میں اصلاحات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے اور اختیارات و وسائل نچلی سطح تک منتقل ہونے چاہئیں۔ سندھ میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے معاملے پر رواں ماہ سیاسی سطح پر بھی بحث تیز ہوئی ہے۔ مختلف سیاسی جماعتیں اس معاملے پر مختلف مؤقف رکھتی ہیں، جبکہ سندھ اسمبلی میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق بحث کے دوران صوبے کی جغرافیائی وحدت برقرار رکھنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ نئے صوبوں کے حامی حلقوں کا مؤقف ہے کہ چھوٹے انتظامی یونٹس کے ذریعے اختیارات اور وسائل عوام کے قریب لائے جا سکتے ہیں، جبکہ مخالفین سندھ کی تقسیم کی مخالفت کرتے ہیں۔ آئینی طور پر کسی صوبے کی حدود میں تبدیلی کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی کم از کم دو تہائی اکثریت سے منظوری ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 23

کے مطابق رواں سال 1131 اشتہاری ملزمان کے نام فہرست سے خارج کیے گئے، 30 اشتہاری ملزمان ہلاک ہوئے جبکہ 4 ملزمان کو دوبارہ اشتہاریوں کی فہرست میں شامل کیا گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق صوبے میں اس وقت مفرور ملزمان کی تعداد 39 ہزار 195 ہے۔ رواں سال مفرور ملزمان کی تعداد میں 20 ہزار 182 کا اضافہ ہوا، جبکہ پولیس نے 7 ہزار 977 مفرور ملزمان کو گرفتار کیا۔ رواں سال 5 ہزار 28 مفرور ملزمان کے نام فہرست سے خارج کیے گئے، 12 مفرور ملزمان ہلاک ہوئے جبکہ 262 ملزمان کو دوبارہ مفرور ملزمان کی فہرست میں شامل کیا گیا۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال اب تک مفرور اور اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 14 ہزار 841 گرفتاریاں عمل میں لائی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 24

ہے، پاکستان ریلوے سڑکوں کی بندش کی صورت میں ڈیزل کی ترسیل کے لئے زیادہ سے زیادہ ٹرین بوگیوں کی دستیابی یقینی بنائے گا۔ جمعرات کو وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی، وزیر اعظم فیول ریلیف سکیم پر عملدرآمد، ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل دستیابی یقینی بنانے کے لئے سپلائی چین، ٹرانسپورٹیشن اور لاجسٹکس انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان پٹرولیم ڈویژن کے مطابق اجلاس میں پاکستان ریلویز، اوگرا، آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (او سی اے سی)، آئل مارکیٹنگ کمپنیاں، پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن، آل پاکستان پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر نے وزیر اعظم فیول ریلیف سکیم کے لئے پٹرولیم ڈیلرز کی ایسوسی ایشنز کے تعاون اور مکمل حمایت کو سراہا۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت امن و امان کی کسی بھی صورتحال یا سڑکوں کی بندش کی صورت میں ایندھن کی فراہمی بلاتعطل رکھنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل اور سپلائی کے لئے پیشگی انتظامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ ایڈیشنل سیکرٹری ریلوے نے یقین دلایا کہ پاکستان ریلوے سڑکوں کی بندش کی صورت میں ڈیزل کی ترسیل کے لئے زیادہ سے زیادہ ٹرین بوگیوں کی دستیابی یقینی بنائے گا خصوصاً خیبر پختونخوا میں سپلائی کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔ پی ایس او نے اجلاس کو بتایا کہ ممکنہ تعطل کے پیش نظر اہم ڈپوں میں اضافی پٹرولیم مصنوعات کا ذخیرہ پہلے ہی کر لیا گیا ہے۔ اوگرا نے اجلاس کو بتایا کہ پٹرولیم مصنوعات کی مسلسل دستیابی کے لئے اوگرا کا خصوصی کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے آئل ریفائنریز کو بھی ہدایت کی کہ خام تیل کی مسلسل فراہمی اور تیار مصنوعات کی ترسیل یقینی بنانے کے اقدامات کئے جائیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیر اعظم فیول ریلیف سکیم کے تحت 10 ہزار پٹرول پمپس میں سے 8500 سے زائد کو ادائیگیاں کر دی گئی ہیں، پٹرول پمپس کو ادائیگیوں کا عمل روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے اکاؤنٹ نمبرز اور عمومی مسائل سمیت تمام رکاوٹیں دور کرنے کی ہدایت کی تا کہ باقی پٹرول پمپس کو ادائیگیاں بلا تاخیر کی جا سکیں اور عوام کو سکیم کے تحت ریلیف کا سلسلہ جاری رہے۔ علی پرویز ملک نے اوگرا کو ہدایت کی کہ سکیم کے تحت اہل صارفین کو فراہم کئے جانے والے فیول ریلیف سے انکار کرنے والے کسی بھی پٹرول پمپ کے خلاف کارروائی کی جائے۔ پاکستان پٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک خدا بخش نے کہا کہ سکیم کامیابی سے جاری ہے اور حکومت کو ایسوسی ایشن کی جانب سے مسلسل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ ڈیلرز اس اقدام پر عملدرآمد میں حکومت کے ساتھ تعاون جاری رکھیں گے۔ آل پاکستان پٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کے ہمایوں خان اور نعمان بٹ نے پٹرول پمپ مالکان کو اعتماد میں لینے پر حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ایسوسی ایشن سکیم کی مکمل حمایت کرتی ہے۔ چیئرمین او سی اے سی نوید تنویر عباسی نے کہا کہ سکیم کامیابی سے جاری ہے اور اسے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا اچھا اقدام قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے اس امر کا اعادہ کیا کہ وزیر اعظم فیول ریلیف سکیم پر مؤثر عملدرآمد اور ایندھن کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز کے درمیان قریبی رابطہ کاری ضروری ہے، پٹرولیم مصنوعات کی بلاتعطل فراہمی اور وزیر اعظم فیول ریلیف سکیم پر مؤثر عملدرآمد حکومت کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 25

دیں، شرجیل میمن نے بتایا کہ کراچی سے حاصل ہونے والے وسائل کے مقابلے میں شہر پر کتنا خرچ کیا گیا۔ ایم کیو ایم ترجمان نے کہا کہ لسانیت کا الزام لگا کر محروم لوگوں کے بنیادی انسانی حقوق کا مطالبہ دبایا نہیں جا سکتا، سندھ حکومت کو ایم کیو ایم کے مطالبات سے اختلاف ہے تو الزامات کے بجائے دلیل، اعداد و شمار اور زمینی حقائق دکھا کر جواب دیں۔ ترجمان ایم کیو ایم نے کہا کہ ایم کیو ایم نفرت اور تقسیم نہیں، اختیارات کی منصفانہ تقسیم اور شہری حقوق کی بات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 26

پولیس کی قربانیوں کی وجہ سے اسلام آباد، راولپنڈی اور ملک کے دیگر حصوں میں بھی امن ہے، پولیس کے شہدا پیکج میں اضافہ کیا ہے اور جدید آلات کے لیے بھی فنڈز فراہم کیے ہیں، ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا فوج کے ماتحت ہے، گزشتہ سال سے ادائیگی کے باوجود خیبر پختونخوا کی اے پی سیز اب تک نہیں آئیں، اسلام آباد کے لیے جدید اے پی سیز تیار کر کے دے دی گئیں لیکن خیبر پختونخوا پولیس کو اے پی سیز نہیں ملیں، میں نے ان سے کہا کہ اسلام آباد کو دی جانے والی اے پی سیز صرف پی ٹی آئی کے خلاف استعمال ہوں گی، یہ خیبر پختونخوا پولیس کو دی جائیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ NRTC کو جیمرز اور اینٹی ڈرونز کی ادائیگیاں بھی خیبر پختونخوا حکومت کر چکی ہے، NRTC اور HIT سے مطالبہ ہے کہ جیمرز، اے پی سیز اور دیگر آلات جلد از جلد فراہم کیے جائیں، دہشت گردی کے خاتمے کے بجائے پی ٹی آئی کو ختم کرنا اور عمران خان کو جھکانا ترجیح بن گیا ہے، 15 اکتوبر 2025 کو حلف اٹھانے کے بعد کسی پولیس افسر کو کوئی غلط حکم نہیں دیا، کسی پولیس افسر کو سیاسی یا ذاتی انتقام کا نشانہ بنانے اور غلط ایف آئی آر کا حکم نہیں دیا، جب میں بطور چیف ایگزیکٹو پولیس کو غلط احکامات نہیں دیتا تو کسی اور کو بھی غلط احکامات دینے کا حق نہیں، کسی پولیس افسر کا فرض نہیں کہ وہ کسی کا غلط حکم مانے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہمارا مفاد کسی سیاسی جماعت کو ختم کرنا نہیں، ہماری ترجیح دہشت گردی سے نمٹنا ہے، اگر پولیس کا مفاد بھی سیاسی جماعت کو ختم کرنا بن جائے تو خیبر پختونخوا کے عوام کہاں جائیں گے، عمران خان کے وژن کے مطابق پولیس کو سیاسی مداخلت سے آزاد رکھا، نہ کبھی پولیس کے معاملات میں مداخلت نہیں کی اور نہ پوسٹنگ ٹرانسفر میں عمل دخل کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ چار پانچ دنوں سے جو کچھ ہو رہا ہے انتہائی افسوس ناک ہے، پولیس مزاحمت کرے، 8 فروری 2024 کو پولیس اور سول انتظامیہ نے غلط احکامات ماننے سے انکار کر کے عوامی مینڈیٹ کی حفاظت کی، آج بھی پولیس غلط احکامات کی مزاحمت کرے، ہم کوئی مسلح جدوجہد یا یلغار کرنے نہیں جا رہے، ہم پرامن احتجاج کرنے جا رہے ہیں، پرامن احتجاج روکنے کا حکم دینے والوں سے کہیں کہ آئین سے رائٹ ٹو اسمبلی کی شق نکال دیں، جب تک آئین میں رائٹ ٹو اسمبلی موجود ہے ہم احتجاج کریں گے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ کل کابینہ سے پولیس ایکٹ منظور کیا، اسمبلی میں اس میں مزید ترامیم کی جا سکتی ہیں، اگر کوئی وفاقی ادارہ پولیس کو سیاسی انتقام کے لیے استعمال کرے گا تو صوبائی حکومت اس معاملے پر اقدامات کرے گی، دہشت گردی کی جنگ سے پولیس کا دھیان ہٹا کر کسی سیاسی جماعت کی طرف موڑنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، اگر کسی اور کی طرف سے غلط حکم آئے تو پولیس کو انکار کرنا سیکھنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 27

ن دوستی کو سراہا اور کہا کہ یہ دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندر کی گہرائی سے زیادہ گہری ہے۔ سندھ اور چین کا صوبہ حنان سسٹر صوبوں کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت چین میں سرمایہ کاری کانفرنس منعقد کر رہی ہے جس میں وزیر اعلیٰ سندھ بھی شرکت کریں گے۔ چائنا الیکٹرک نے تھر کول منصوبے میں بھی سرمایہ کاری کی اور آئندہ سرمایہ کاری کانفرنس میں اربوں روپے کے معاہدے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ عالمی سرمایہ کاروں کو سندھ لایا جائے۔ پیپلز پارٹی اپنے قیام سے ہی سازشوں اور پروپیگنڈے کا شکار رہی ہے۔ پاکستان میں 3 بڑی سیاسی جماعتیں ہیں۔ پیپلز پارٹی کے ادوار میں بڑے منصوبے سامنے آئے۔ شرجیل میمن نے کہا کہ آئین پاکستان پیپلز پارٹی نے بنایا جبکہ ایٹمی طاقت اور میزائل ٹیکنالوجی بھی پیپلز پارٹی کے دور میں ممکن ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے 18 سال کا حساب دینے کے لیے تیار ہیں۔ سینئر وزیر نے کہا کہ صرف تھر کول پر ایک ارب ڈالر خرچ کیے گئے۔ تھر کول کا کوئلہ وفاق کو جاتا ہے اور کوئلہ سندھ میں نکل رہا ہے تو اس پر خوش ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ تھر پارکر کے کوئلے سے 2 سال تک بجلی ایکسپورٹ کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورے پاکستان کے لوگ علاج کے لیے کراچی آتے ہیں، سندھ کے اسپتالوں میں شناختی کارڈ نہیں پوچھا جاتا۔ سائبر نائف سندھ میں موجود ہے اور سندھ حکومت نے اس کے علاج کے لیے کوئی رقم مقرر نہیں کی، یہ سہولت مفت ہے۔ سندھ حکومت نے صوبے بھر میں اسپتال بنائے ہیں، ایئر ایمبولینس سروس بھی شروع کی ہے جو سکھر اور کراچی سے چل رہی ہے۔ پھیپھڑوں اور جگر کی پیوند کاری کا علاج بھی مفت کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے ایم کیو ایم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ آمریتوں کے ادوار میں ایم کیو ایم حکومت میں رہی، لیکن اس کے دور میں کراچی میں کوئی اسپتال نہیں بنا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے گزشتہ 18 سالہ دور سے پہلے بھی کوئی ایک اسپتال نہیں بنا۔ شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ میں سیلاب اور بارشوں سے متاثر ہونے والے 21 لاکھ بے گھر خاندانوں کو گھر بنا کر دیے جا رہے ہیں۔ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے سندھ حکومت کے ماڈل کو وفاقی حکومت اور دنیا تسلیم کر رہی ہے، لیکن ایک مخصوص مائنڈ سیٹ اسے تسلیم کرنے کو تیار نہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ کون سے ڈیک انچارج ہیں جو پیپلز پارٹی کے خلاف پروپیگنڈا کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک مائنڈ سیٹ مسلسل پیپلز پارٹی کی حکومت کو نشانہ بنا رہا ہے، جبکہ کراچی کے مسائل سندھ حکومت حل کر رہی ہے۔ سینئر وزیر نے کہا کہ 18 سال کے دوران سندھ میں جتنی جامعات اور کالجز بنے اتنے دیگر صوبوں میں نہیں بنے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت گندم کی پیداوار بڑھانے کے لیے بھی کوشش کر رہی ہے۔ شرجیل میمن نے الزام عائد کیا کہ ایم کیو ایم ٹی وی پر پورا دن پیپلز پارٹی کے خلاف زہر اگلتی ہے اور اس کی وجہ سے صنعتیں دوسرے صوبوں میں منتقل ہوئیں۔ ہڑتالوں اور بدامنی کی وجہ سے کراچی کی صنعتوں کی منتقلی ہوئی۔ انہوں نے ایم کیو ایم پر کراچی میں خونریزی، ہڑتالوں اور شہر بند کرانے کے الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم نے ملک میں لسانیت بڑھانے میں کردار ادا کیا اور اس کے دور میں پورا ہفتہ سوگ اور ہڑتال کے نام پر شہر بند رہتا تھا۔ شرجیل میمن نے الزام عائد کیا کہ ایم کیو ایم نے 35 ایس ایچ اوز کو چن چن کر قتل کیا اور پولیس افسران کا قتل عام کیا۔ اب سارا ملبہ الطاف حسین پر ڈالا جاتا ہے، لیکن جو لوگ آج ایم کیو ایم میں ہیں وہ اس وقت بھی ان اقدامات کا دفاع کرتے تھے

بقیہ نمبر 28

رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی حدود سے نکل کر بستیوں اور آبادیوں کو تباہ کر دیتا ہے، 4 کروڑ افراد اپنے آبائی گھروں سے دربدر ہو چکے ہیں۔ مصدق ملک نے کہا کہ یہ تمام افراد اپنے بچوں اور ماں باپ کی کفالت سے محروم ہو گئے، 4 کروڑ افراد تو یورپ کے بیشتر ممالک کی آبادی بھی نہیں ہے۔ وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ زیادہ تر تباہی موسم کی تبدیلی کی وجہ سے آ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 29

ی ہے۔ سماعت کے دوران ڈاکٹر عظمیٰ خانم اور نورین نیازی کی جانب سے رانا مدثر عمر اور بیرسٹر تیمور پیش ہوئے، جبکہ پنجاب حکومت کی جانب سے فرخ لودھی ایڈووکیٹ جنرل عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل ڈاکٹر عظمیٰ خانم نے عدالت سے استدعا کی کہ انہیں دو منٹ دیے جائیں تاکہ نظربندی کے نوٹیفکیشن کو معطل کروایا جا سکے، رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ نے کہا کہ وہ عدالت کے سامنے کچھ حقائق بیان کرنا چاہتے ہیں۔ وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ دونوں خواتین گھریلو خواتین ہیں، جبکہ ڈاکٹر عظمیٰ خانم کے خلاف درج مقدمے میں وہ بے قصور قرار پا چکی ہیں، ٹرائل کورٹ کے فیصلے کی کاپی بھی درخواست کے ساتھ فائل میں موجود ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کی جانب سے جاری نظربندی کے نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دیا جائے۔ نورین نیازی کی بیٹی سکینہ سمیت دیگر درخواست گزاروں نے بھی رانا مدثر عمر ایڈووکیٹ کے توسط سے درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔ عدالت نے فوری طور پر نظربندی کا نوٹیفکیشن معطل کرنے کی استدعا مسترد کرتے ہوئے فریقین سے جواب طلب کر لیا۔

بقیہ نمبر 30

بیرونی سرپرستی، پناہ اور معاونت کے ذریعے لاحق کسی بھی خطرے کے خلاف اپنی علاقائی سالمیت کا دفاع اور اپنے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ جاری رکھے گا۔ قبل ازیں سماجی رابطے کے پلیٹ فارم "ایکس" پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان برسوں سے افغان طالبان حکومت اور اس کے رابطہ کاروں کے سامنے افغان سرزمین پر دہشت گرد پناہ گاہوں اور ان کے معاون نیٹ ورکس کی مسلسل موجودگی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتا رہا ہے، ان نیٹ ورکس کے خاتمے اور پاکستان کے خلاف دہشت گردی کیلئے افغان سرزمین استعمال کرنے والوں کے خلاف قابل اعتماد اور قابل تصدیق کارروائی کرنے کے بجائے، افغان طالبان حکومت نے پاکستان کے خلاف ڈرون کارروائیوں کے ذریعے صورتحال کو مزید بگاڑنے کا راستہ اختیار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فضائی دفاعی نظام نے تمام ڈرونز کو ان کے مطلوبہ اہداف تک پہنچنے سے پہلے ہی شناخت، ٹریک اور غیر مؤثر کر دیا جس سے مجوزہ حملے کو مکمل طور پر ناکام بنا دیا گیا، اپنی خودمختاری کے دفاع کا حق استعمال کرتے ہوئے، پاکستان نے افغانستان میں ان ڈرونز کو لانچ اور ذخیرہ کرنے کیلئے استعمال ہونے والے 10 مقامات کی مکمل نشاندہی کے بعد فضائی اور ڈرون حملے کیے، یہ حملے سوچے سمجھے، درست، متوازن اور مناسب تھے اور صرف انہی عسکری اہداف تک محدود تھے جو پاکستان کے خلاف حملوں سے براہ راست جڑے ہوئے تھے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان افغان سرزمین سے کیے جانے والے حملوں کو ہرگز قبول یا برداشت نہیں کرے گا، چاہے یہ دہشت گرد گروہوں کی جانب سے ہوں یا خود افغان طالبان حکومت کی جانب سے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری کی کسی بھی خلاف ورزی کا فوری اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افغان طالبان کی جانب سے دھمکیاں، تردید یا ذمہ داری سے فرار کی کوششیں نہ تو حقائق کو بدل سکتی ہیں اور نہ ہی پاکستان کے اپنی سرزمین، عوام اور قومی سلامتی کے دفاع کے بنیادی حق کو محدود کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان افغان طالبان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ پاکستان کے خلاف تمام مکروہ سرگرمیاں فوری طور پر بند کرے اور افغان سرزمین سے کارروائیاں کرنے والے دہشت گرد عناصر کے خلاف مؤثر، ٹھوس، قابل تصدیق اور مسلسل کارروائی کرتے ہوئے اپنی بین الاقوامی ذمہ داریاں پوری کرے۔ انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف حملے شروع کرنے یا ایسی دشمنی پر مبنی کارروائیوں کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پاکستان کشیدگی میں اضافہ نہیں چاہتا اور علاقائی امن، مکالمے اور تعمیری روابط کیلئے پرعزم ہے، اس عزم کو کمزوری یا یہ مطلب نہ لیا جائے کہ ہم جارحانہ کارروائیاں برداشت کرتے رہیں گے، پاکستان اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور اپنے شہریوں کی زندگیوں کا دفاع مکمل عزم کے ساتھ کرے گا اور ان کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کرے گا۔ افغان طالبان کی جانب سے کسی بھی مزید اشتعال انگیز اقدام کا جواب مضبوط اور فیصلہ کن انداز میں دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 31

معاون خصوصی طارق فاطمی بھی شریک تھے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب پاکستان امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی بحالی کے لیے سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی اقوام متحدہ میں گفتگو کے دوران پاکستان کے ثالثی کردار اور کشیدگی میں کمی کے لیے کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس سے قبل نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی و عالمی پیش رفت پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا، جبکہ اسحاق ڈار نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے مذاکرات، سفارت کاری اور مسلسل روابط کی اہمیت پر زور دیا۔ دونوں فریقین نے قریبی روابط برقرار رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 32

کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل نے مالدیپ کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو اہمیت دینے کا اعادہ کیا، دونوں ممالک کے باہمی مفاد پر مبنی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق عبداللہ خلیل نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں دوطرفہ روابط مزید مستحکم کرنے اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 33

کامرس کے نمائندوں سے ملاقات کی، جس میں ملک میں کاروباری ماحول، سرمایہ کاری اور کاروباری آسانیوں سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ملاقات میں صنعت و کاروبار کیلئے بجلی کی لاگت اور ترسیل سے متعلق معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف وفد کے ساتھ ٹیکس اصلاحات اور ٹیکس دہندگان کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی، جبکہ اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس کے نمائندوں نے پاکستان میں براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کی صورتحال پر آئی ایم ایف مشن کو بریفنگ بھی دی۔ مذاکرات کے دوران آئی ایم ایف مشن نے تکنیکی مذاکرات میں بھی حصہ لیا، جن میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور زرمبادلہ کی شرح سمیت دیگر اہم معاشی امور کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی جانب سے آئی ایم ایف کو یورو بانڈ کے کامیاب اجرا اور بیرونی ذرائع سے حاصل ہونے والی رقوم کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ مذاکرات میں مہنگائی پر قابو پانے کیلئے مانیٹری پالیسی کے مؤثر استعمال اور معاشی استحکام کیلئے مختلف اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 34

اور یہ احتجاج کر رہے ہیں، اب یہ پولیس کو اپنے تابع لانے کے لیے ایکٹ پاس کر رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا کابینہ نے 23 ستمبر کو پولیس ایکٹ 2026 کے مسودے کی منظوری دی تھی، جس میں پولیس کے پالیسی، انتظامی، آپریشنل اور مالی معاملات میں صوبائی حکومت کے اختیارات بڑھانے کی تجاویز شامل ہیں۔ وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے بھی مجوزہ قانون کو آئین اور پاکستان پولیس سروس کے قواعد سے متصادم قرار دیا ہے۔ اختیار ولی خان نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ پی ٹی آئی والوں کی انتشار کی سیاست آئے دن پروان چڑھ رہی ہے، یہ پولیس کو اپنا عسکری ونگ بنانے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا صوبہ انتظامی حوالے سے لاوارث ہو چکا، یہ پولیس کو ٹائیگر فورس میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ پی ٹی آئی والوں کی انتشار کی سیاست میں اضافہ ہو رہا ہے، "چلو، چلو اسلام آباد چلو، چلو لاہور چلو" میں سارا مال کھا گئے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے شہدا کے جنازوں میں شامل نہیں ہوتے، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی خیبر پختونخوا پولیس کو انتشار اور فساد کے لیے استعمال کرنا چاہ رہے ہیں۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ ان کا بنایا ہوا قانون وفاقی حکومت کے ساتھ متصادم ہے، یہ تصادم کی طرف جانا چاہتے ہیں، یہ ایمرجنسی لگانے کے لیے سارا مواد فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم آخری حد تک صبر کریں گے، جب تک صوبے کے لوگ اور سیاسی جماعتیں نہیں بولیں گی تب تک گورنر راج نہیں لگائیں گے۔

بقیہ نمبر 35

وفد میں ڈینس ہولوچ، انتھنی سلاو اسٹویانوف، توماش فرینکس، ڈین پیڈوک اور موزیز شامل تھے۔ وفاقی وزیر انسانی حقوق نے پاکستان کے آئینی و قانونی نظام اور انسانی حقوق کے حوالے سے پاکستانی مؤقف سے وفد کو آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے داخلی و قانونی معاملات کو ملکی آئینی، قانونی، سماجی اور علاقائی تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ کئی دہائیوں میں دہشت گردی اور انتہاپسندی کے خلاف جنگ میں بڑی قربانیاں دی ہیں، پاکستان کے قانونی نظام میں آئینی تقاضوں، ملکی قوانین اور مقامی حقائق کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ وفاقی وزیر انسانی حقوق نے پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کے آئینی و قانونی حقوق اور متعلقہ قانونی فریم ورک سے بھی وفد کو آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سائبر قوانین میں اظہار رائے، معلومات تک رسائی، سائبر جرائم، مالیاتی فراڈ اور دیگر متعلقہ جرائم کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ پاکستان نے سائبر قوانین کا یورپ، مشرق بعید اور شمالی امریکا کے قوانین سے تقابلی جائزہ لیا ہے۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور یورپی ممالک کے قوانین کے تقابلی جائزے پر مبنی دستاویز یورپی وفد کے ساتھ شیئر کرنے کی پیشکش بھی کی۔

بقیہ نمبر 36

غزہ کی صورتحال کو نسل کشی کی جنگ قرار دیتے ہوئے کہا کہ غزہ میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے امن منصوبے کا خیر مقدم کیا تھا، تاہم اس حوالے سے ابتک پیشرفت نہیں ہوئی۔ محمود عباس نے کہا کہ دو ریاستی حل سب کے لیے امن یقینی بناتا ہے، جبکہ مغربی کنارے میں آبادکاروں کے تشدد کی روک تھام بھی یقینی بنائی جائے۔ فلسطینی صدر نے مطالبہ کیا کہ فلسطینی عوام کے خلاف قتل عام روکا جائے اور ایک اور نکبہ سے بچایا جائے۔

بقیہ نمبر 37

کی عمارتوں میں ہے، آپ کہتے ہیں صوبائی وزیر اٹھایا گیا ہے، اگر آپ اتنے بے بس ہیں تو کیوں کرسی سے چپکے ہوئے ہیں؟ اسلام آباد میں راستوں کی بندش سے متعلق طلال چوہدری نے کہا اسلام آباد آنے والے تمام 125 راستے کھلے ہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز خیبر پختونخوا کابینہ نے پولیس ایکٹ کی منظوری دی تھی جس کے تحت آئی جی کی کارکردگی سے صوبائی حکومت مطمئن نہ ہو تو اس کے تبادلے کے لیے وفاق سے مزید نام مانگ سکتی ہے جب کہ پوسٹنگز اور تبادلوں کا اختیار بھی صوبائی حکومت کے پاس ہوگا۔

بقیہ نمبر 38

سرانجام دیں گے۔

بقیہ نمبر 39

حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا کو جانے والے راستے بند کر دیے گئے ہیں۔ موٹروے، جی ٹی روڈ، کوہاٹ میں خوشحال گڑھ، ڈی آئی خان، ہری پور اور گلیات میں بھی پنجاب کو جانے والے زمینی راستے بند ہیں، کنٹینرز کھڑے کر کے راستے بند کر دیے گئے ہیں۔ راستے بند ہونے سے لوگوں کی آمد و رفت کا سلسلہ بھی رک گیا ہے، بین الصوبائی گاڑیاں بھی لاری اڈوں میں کھڑی ہیں راستے بند ہونے والے پنجاب سے آنے والے سبزیاں، ادویات، کھانے پینے کی دیگر اشیا بھی رک گئی ہیں۔ اس کے علاوہ پیٹرول مصنوعات کی ترسیل بھی رک گئی ہیں، جس سے پیٹرول کی کمی کا بھی خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کو گڈز ٹرانسپورٹ کو اجازت دینی چاہیے تاکہ غذائی قلت کا سامنا نہ ہو۔

بقیہ نمبر 40

رکھا گیا ہے، کنٹینرز سڑک کنارے پڑے ہیں اور سڑکیں کھلی ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی قیادت سے بیک ڈور رابطے اب بھی ہیں، لانگ مارچ تحریک جانے تک ان سے مذاکرات نہیں ہو سکتے، لانگ مارچ سے متعلق صرف بیانات دیے جا رہے ہیں، عملی طور پر مارچ نہیں ہوگا۔ رانا ثنا کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں کسی کو بھی چڑھ دوڑنے کی اجازت نہیں۔

سندھ کے 6 انتظامی یونٹس بنیں گے وسائل سب میں برابر تقسیم ہوں گے، فاروق ستار

عوام کو یہ حق ملنا چاہیے کہ وہ خود فیصلہ کریں کہ وہ کیا چاہتے ہیں، کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، لاڑکانہ اور دیگر علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں

ایم کیو ایم نئے انتظامی یونٹس اور بااختیار بلدیاتی نظام کے مؤقف پر قائم ہے اور اس معاملے پر سیاسی جدوجہد جاری رکھے گی، فاروق ستار کا پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی(ویب ڈیسک)ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ سندھ میں 6 انتظامی یونٹس بنیں گے اور صوبے کے وسائل تمام علاقوں میں برابر تقسیم ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ کراچی، حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، لاڑکانہ اور دیگر علاقوں کو ترقی کے یکساں مواقع ملنے چاہئیں۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ سندھ کے پیسوں پر سب کا حق ہے، عمرکوٹ، تھرپارکر، سکھر اور دیگر شہروں کو بھی ترقی دی جائے۔ ان کے مطابق نئے انتظامی یونٹس کے ذریعے اختیارات نچلی سطح تک منتقل کیے جاسکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کو یہ حق ملنا چاہیے کہ وہ خود فیصلہ کریں کہ وہ کیا چاہتے ہیں، اس مقصد کے لیے صاف اور شفاف ریفرنڈم بھی کرایا جاسکتا ہے۔ فاروق ستار نے کہا کہ یہ مسئلہ برسوں سے چلا آرہا ہے اور انتظامی یونٹس کے قیام پر عوامی رائے سامنے آنی چاہیے۔فاروق ستار نے کراچی کے بلدیاتی ملازمین کے ریٹائرمنٹ واجبات کا معاملہ بھی اٹھایا۔انہوں نے کہا کہ 25 ٹاؤنز کے متعدد ملازمین ریٹائر ہوچکے ہیں لیکن انہیں ریٹائرمنٹ کے بعد ملنے والے واجبات ادا نہیں کیے گئے۔ ان کے مطابق ملازمین کی تنخواہوں سے کٹنے والی رقم کے ایم سی کے اکاؤنٹ میں جمع ہوتی رہی، اس لیے ریٹائرڈ ملازمین کو ان کا حق ملنا چاہیے۔انہوں نے سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ملازمین کو ان کے ریٹائرمنٹ واجبات کی ادائیگی کے معاملے کو جلد حل کیا جائے اور فیصلے پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ فاروق ستار کے مطابق اس معاملے میں میئر کراچی سمیت متعلقہ افسران کی ذمہ داری بھی عائد کی گئی ہے۔ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ سرکاری ملازمین صوبائی ہوں یا وفاقی، اداروں پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اراکین نے لاہور میں ایسوسی ایٹ کلاس انتخابات میں ووٹ ڈالے

مصنوعی ذہانت کو ہتھیاروں کی دوڑ کا ایک اور میدان بننے سے روکنا ہوگا، اسحاق ڈار

نیویارک(ویب ڈیسک)اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں مصنوعی ذہانت اور عالمی سلامتی پر اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے بھی شرکت کی۔نائب وزیراعظم نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع کورنگی کے عوامی دفتر کا افتتاح کردیا گیا

افتتاح سندھ اور کراچی کے امراء مفتی یوسف قصوری، ڈاکٹر عامر عبداللہ نے کیا، دفتر سے دینی، معاشی، سماجی اور قانونی مسائل کے حل میں مدد ملے گی

کراچی(پ ر)مرکزی جمعیت اہلحدیث کراچی ضلع کورنگی کے ضلعی دفتر کا باقاعدہ افتتاح گزشتہ شب ناصر جمپ پر صوبا اور کراچی کے امرا مفتی محمد یوسف قصوری، ڈاکٹر عامر عبداللہ محمدی نے ناظم کراچی مفتی محمد رفیق سلفی، سرپرست مولانا محمد افضل سردار، ناظم تبلیغ مولانا مشتاق احمد شاکر، امیر ضلع حافظ یوسف ملک کے ہمراہ کیا۔اس موقعہ پر سرپرست ضلع کورنگی حبیب الرحمان پرتاب گڑہی، قائم مقام ناظم کورنگی فہیم مغل، اہلحدیث یوتھ فورس کراچی کے جنرل سکریٹری علی عامر، ناظم نشرواشاعت، عبدالحسیب چوہان، عبدالقدیر داد، شاحد شیخ، مولانا شفیق سعید، قاری عبدالرشید، سلیم عارفی اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔اس موقعہ پر گفتگو کرتے ہوئے مفتی یوسف قصوری نے کہا کہ دفتر سے عوام کو دینی، معاشی، سماجی اور قانونی مفت امداد وتعاون فراہم کیا جائے گا۔

پمز میں بکھری تین ایمرجنسیز کو یکجا کرکے نیا ٹراما سینٹر تعمیر کیا گیا ہے، وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ماضی میں پمز میں تین مختلف اور بکھری ہوئی ایمرجنسیز تھیں، جنہیں ایک جگہ منتقل کرکے نیا ٹراما .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

کسی نے مارچ ملتوی کرنے کی رائے نہیں دی، شیخ وقاص اکرم

27 ستمبر احتجاج سے متعلق آن لائن اجلاس ہوا، جس میں مارچ سے متعلق حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا

پشاور(ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مرکزی ترجمان شیخ وقاص اکرم کا کہنا ہے کہ 27 ستمبر کے احتجاج سے متعلق اجلاس میں کسی نے مارچ ملتوی کرنے کی رائے نہیں دی۔نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ 27 ستمبر احتجاج سے متعلق آن لائن اجلاس ہوا، جس میں مارچ سے متعلق حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ اجلاس میں کسی نے مارچ ملتوی کرنے کی رائے نہیں دی، وزیراعلی سہیل آفریدی، شوکت یوسفزئی، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

پاکستانی افسران کا حساس ڈیٹا بیرون ملک فروخت ہونے کا انکشاف

ٹک ٹاک لائیو پر انتہائی نامناسب اور خطرناک حرکتیں ہورہی ہیں ٹک ٹاک لائیو پر توہین اسلام کے حوالے سے مواد بنایا جارہا ہے، سینیٹر افنان

پیسوں کے عوض اعلیٰ افسران اور بیوروکریسی سمیت اعلی اداروں کی شخصیات کا ڈیٹا فروخت کرنے والا گینگ پکڑا گیا ہے، بریفنگ

اسلام آباد(ویب ڈیسک) پاکستانی افسران کا حساس ڈیٹا بیرون ملک فروخت کرنے کا انکشاف ہوا ہے جبکہ گینگ کو گرفتار بھی کرلیا گیا ہے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے(این سی سی آئی اے)کے مطابق راولپنڈی میں پیسوں کے عوض اعلی افسران اور بیورو کریسی سمیت اعلی اداروں کی شخصیات کا ڈیٹا ملک و بیرون ملک فروخت کرنے والا ایک گینگ پکڑا گیا ہے۔سینیٹ کی قائمہ کمیٹی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

سندھ میں صحافیوں کی سہولت کیلئے جرنلسٹس فیسیلیٹیشن ڈیسک قائم

ایکریڈیشن کارڈز، مالی معاونت، طبی مسائل اور پریس کلبز سے متعلق امور کے حل کیلئے صحافی ڈیسک سے رابطہ کرسکیں گے

کراچی(اسٹاف رپورٹر)سینئر وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ سندھ شرجیل انعام میمن کی خصوصی ہدایت پر محکمہ اطلاعات سندھ نے صحافی برادری کو درپیش مسائل کے فوری حل اور سہولیات کی فراہمی کیلئے جرنلسٹس فیسیلیٹیشن ڈیسک قائم کردیا۔محکمہ اطلاعات سندھ کے مطابق جرنلسٹس فیسیلیٹیشن ڈیسک کے قیام کا مقصد صحافیوں، پریس کلبز اور میڈیا پرسنز کو مختلف امور میں سہولت اور رہنمائی فراہم کرنا ہے۔محکمہ اطلاعات کے مطابق صحافی، پریس کلبز اور میڈیا پرسنز ایکریڈیشن کارڈز کے اجرا، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کے الیکٹرک ٹیرف میں 19 فیصد کمی برقرار، کراچی کے صارفین کو فائدہ نہیں ہوگا

کراچی(ویب ڈیسک)نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی(نیپرا) نے کے الیکٹرک کے اوسط بنیادی ٹیرف میں 19 فیصد کمی برقرار رکھتے ہوئے کمپنی کی اپیل مسترد کردی۔نیپرا نے کے الیکٹرک کے اوسط بنیادی ٹیرف میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

محسن نقوی کا اسلام آباد کے مختلف علاقوں کا دورہ، شہر کی مجموعی صورتحال کا جائزہ

وزیر داخلہ نے اسکولز، ہوٹلز، دیگر عوامی مقامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات کیں

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شہر کی مجموعی صورتحال، شہری سہولتوں، صفائی و خوبصورتی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔وزیرداخلہ نے اسکولز، ہوٹلز، دیگر عوامی مقامات کا معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات کیں۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد میں ہر قسم کی تجاوزات فوری طور پر ختم کرنے کا حکم دے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ شہر میں کسی بھی قسم کی تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی۔تمام تجاوزات کو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

محکمہ قانون سندھ نے 5 نئے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل مقرر

کراچی(ویب ڈیسک) محکمہ قانون و پارلیمانی امور سندھ نے 5 نئے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل مقرر کردیے، حکومت سندھ نے تقرریوں کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔محکمہ قانون و پارلیمانی امور سندھ کے مطابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی نے کوئٹہ میں 21ویں قومی ورکشاپ کے دوران طلبا میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے

پشاور میں ٹریفک پولیس اہلکاروں کی جانب سے رنگین شیشوں اور غیر قانونی نمبر پلیٹس کے خلاف کریک ڈاؤن

موٹروے پولیس کے پہلے ڈرائیونگ لائسنسنگ فیسیلیٹیشن سینٹر کا افتتاح

ایم نائن پر قائم مرکز میں موٹر سائیکل، کار، جیپ اور ایل ٹی وی لائسنس کی سہولت دستیاب ہوگی

کراچی(ویب ڈیسک) سندھ میں نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے پہلے ڈرائیونگ لائسنسنگ فیسیلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کردیا گیا۔موٹروے پولیس ساؤتھ زون کراچی کے زیر اہتمام ایم نائن پر ڈی آئی جی آفس ساؤتھ زون میں قائم جدید ڈرائیونگ لائسنسنگ اتھارٹی(ڈی ایل اے) فیسیلیٹیشن سینٹر کا افتتاح ایڈیشنل آئی جی ساؤتھ ریجن جاوید اکبر ریاض نے کیا۔افتتاحی تقریب میں موٹروے پولیس کے افسران و اہلکاروں سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

سوشل میڈیا پر گھر، گاڑی کی پرکشش آفرز کے نام پر شہریوں سے کروڑوں کا فراڈ

مبینہ جعلی معاہدوں کے ذریعے رقم وصول کرکے شہریوں کو ریفنڈ کا لالچ دیا جاتا رہا، متعدد متاثرین سامنے آگئے

کمپنی نے گاڑی کی مبینہ فرضی قیمت کا 20 فیصد وصول کرکے اسٹامپ پیپر پر معاہدہ کرایا اور 2 ضامن بھی لیے، متاثرہ شہری

کراچی(ویب ڈیسک) گھر یا گاڑی خریدنے کے خواہشمند متوسط طبقے کے شہریوں کو سوشل میڈیا پر پرکشش اشتہارات کے ذریعے مبینہ طور پر لوٹنے کا انکشاف ہوا ہے، متاثرہ متعدد شہریوں نے لاکھوں روپے سے محروم ہونے کی شکایات کی ہیں۔تفصیلات کے مطابق گزری تھانے میں مقدمہ درج کرانے والے سید طحہٰ نواز نے بتایا کہ اپنی گاڑی خریدنے کیلئے سوشل میڈیا پر ایک اشتہار .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

سندھ میں مفرور و اشتہاری ملزمان کی تعداد 77 ہزار 630 ہوگئی

صوبے میں اس وقت مفرور ملزمان کی تعداد 39 ہزار 195 ہے، پولیس

کراچی(اسٹاف رپورٹر) سندھ بھر میں مختلف مقدمات میں ملوث مفرور اور اشتہاری ملزمان کی تعداد 77 ہزار 630 تک پہنچ گئی، جبکہ پولیس نے رواں سال اب تک 14 ہزار 841 مفرور و اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔سندھ پولیس کے ریکارڈ کے مطابق صوبے میں اس وقت 38 ہزار 435 اشتہاری ملزمان موجود ہیں۔ رواں سال اشتہاری ملزمان کی تعداد میں 13 ہزار 549 کا اضافہ ہوا، جبکہ پولیس نے 6 ہزار 864 اشتہاری ملزمان کو گرفتار کیا۔ریکارڈ کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

حکام کی لاپرواہی کے باعث کراچی کے صدر ایمپریس مارکیٹ علاقے میں کچرے کے ڈھیر کے مسائل ہیں

وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی زیرصدارت اجلاس

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ حکومت امن وامان کی کسی بھی صورتحال یا سڑکوں کی بندش کی صورت میں ایندھن کی فراہمی بلاتعطل رکھنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کر رہی ہے۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

وفاقی وزیر برائے پیٹرولیم علی پرویز ملک کی زیرصدارت اسلام آباد میں وزیراعظم کے فیول ریلیف اسکیم اور پیٹرولیم مصنوعات کی دستیابی کے حوالے سے اجلاس ہوا

مقامی حکومت کا محکمہ شبیر آباد علاقے میں کراچی کی خوبصورتی کے لیے پیور بلاک کی تنصیب کی نگرانی کررہا ہے

مصنوعی نشے کے پھیلاؤ سے دنیا بھر میں 30 کروڑ سے زائد افراد متاثر

رنگ برنگی ٹافیوں، چاکلیٹ، مشروبات اور ادویات میں بھی منشیات شامل کیے جانے کا انکشاف

کراچی(ویب ڈیسک)اینٹی نارکوٹکس فورس کے سینئر اہلکار ڈاکٹر مشتاق احمد عمرانی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں روایتی منشیات کے بجائے مصنوعی نشے کا رجحان تیزی سے بڑھ رہا ہے، جس کے باعث 30 کروڑ سے زائد افراد منشیات استعمال کررہے ہیں، نوجوان خصوصاً 18 سے 35 سال کی عمر کے افراد منشیات فروشوں کا بڑا ہدف ہیں۔ہمدرد یونیورسٹی میں منشیات کے خلاف آگہی نشست سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مشتاق احمد عمرانی نے کہا کہ پاکستان جغرافیائی اعتبار سے منشیات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

آئی ایم ایف مذاکرات کا دوسرا روز، اوورسیز انویسٹرز چیمبر کے نمائندوں سے ملاقات

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ(آئی ایم ایف) کے درمیان جاری مذاکرات کے دوسرے روز کاروباری آسانیوں، ٹیکس اصلاحات اور دیگر اہم معاشی امور پر بات چیت کی گئی۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

سندھ کے شہریوں نے بھی نئے صوبوں کو اپنے مسائل کا واحد حل قرار دیدیا

کراچی کو انتظامی طور پر الگ صوبے کا درجہ دیا جائے یا اسے وفاق کے زیر انتظام کیا جائے، شہریوں کا مطالبہ

کراچی(ویب ڈیسک)سندھ میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق بحث کے دوران کراچی، حیدرآباد اور لاڑکانہ کے بعض شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لیے نئے صوبوں کے قیام کو ضروری قرار دیا ہے۔شہریوں نے کہا کہ کراچی میں بنیادی سہولیات کی صورتحال تشویشناک ہے اور پانی، بجلی اور گیس کی عدم فراہمی سمیت دیگر شہری مسائل نے مشکلات میں اضافہ کردیا ہے۔ان کے مطابق کراچی کو انتظامی طور پر الگ صوبے کا درجہ دیا جائے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

سری لنکا کے خلاف ہوم سیریز، ٹی 20 کے کپتان سلمان علی آغا کی چھٹی کا امکان



لاہور(ویب ڈیسک)ٹی 20 کے کپتان سلمان علی آغا کی چھٹی کا امکان پیدا ہوگیا، سری لنکا کے خلاف ہوم سیریز کیلئے سلمان علی آغا کو آرام دیئے جانے پر غور کیا جارہا ہے۔ذرائع کے مطابق صاحبزادہ فرحان کو سری لنکا کے خلاف قومی ٹی 20 ٹیم کی کپتانی دیئے جانے کا امکان ہے، صاحبزادہ فرحان کو ایشین گیمز کے لئے قومی ٹیم کا کپتان بنایا گیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

ایف بی آر کا تاجر آسان کیو آر گرین پلیٹ کے اجرا کا آغاز

کراچی(ویب ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو(ایف بی آر) نے دکانداروں اور چھوٹے تاجروں کی حوصلہ افزائی کے لیے تاجر آسان پروگرام کے تحت کیو آر گرین پلیٹ کے اجرا کا آغاز کردیا۔ کراچی میں پروگرام کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

کراچی کے ساحل پر شہریوں کو لوٹنے والا موبائل گینگ گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک) درخشاں پولیس نے ساحل سمندر پر سیر و تفریح کے لیے آنے والے شہریوں سے موبائل فون اور قیمتی اشیا چھیننے والے مبینہ موبائل گینگ کے 2 ملزمان صادق اور حسن کو گرفتار کرلیا۔پولیس کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

تعلیم کے بغیر کوئی ملک ترقی کی منازل طے نہیں کرسکتا، احسن اقبال



سیاسی عدم استحکام کے باعث ماضی میں منصوبے تکمیل تک نہ پہنچ سکے، وفاقی وزیر

فیصل آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، تعلیم کے بغیر کوئی بھی ملک ترقی کی منازل طے نہیں کرسکتا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ تعلیم کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

کورنگی فشریز ہاربر پر میری کلچر اسٹیٹ کے قیام کا 100 ایکڑ پر منصوبہ پیش

کراچی(ویب ڈیسک)کورنگی فشریز ہاربر پر 100 ایکڑ رقبے پر میری کلچر انوسٹمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ اسٹیٹ قائم کرنے کا منصوبہ پیش کردیا گیا، جسے ملک میں بلیو اکانومی کے فروغ اور فشریز کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

حنیف گوہر کو چیئرمین آباد منتخب ہونے پر فاروق ستار کی مبارکباد

کراچی(ویب ڈیسک)ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر فاروق ستار نے حنیف گوہر کو ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز(آباد) کا چیئرمین منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

تیموریہ اور سرسید پولیس کا اسٹریٹ کرمنلز سے مقابلہ، چار ڈاکو مارے گئے

تیموریہ میں دو مقابلوں کے دوران 3 ملزمان مارے گئے، سرسید میں ایک ڈاکو ہلاک، شاہراہ نور جہاں اور بلال کالونی میں دو ملزمان گرفتار

ہلاک ملزمان کے قبضے سے 3 پستول، ایک موٹر سائیکل اور موبائل فونز برآمد، زہیر اور نبیل نامی 2 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

کراچی(ویب ڈیسک)ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل ڈاکٹر عمران کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ سینٹرل میں پولیس مقابلے، 4 ڈاکو ہلاک، 4 زخمی گرفتار۔تیموریہ میں دو مقابلوں کے دوران 3 ملزمان مارے گئے، سرسید میں ایک ڈاکو ہلاک، شاہراہ نور جہاں اور بلال کالونی میں دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار ڈسٹرکٹ سینٹرل کے مختلف تھانوں کی حدود میں گزشتہ شب پولیس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

میرا صرف ایک دوست ہے اور وہ مانی ہیں، پاکستانی اداکارہ حرا مانی

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستانی اداکارہ حرا مانی نے اپنی ازدواجی زندگی کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ میاں بیوی کے درمیان اختلافات اور جھگڑے معمول کی بات ہیں، تاہم شوہر کا دوست ہونا کامیاب ازدواجی زندگی کی ایک بڑی وجہ ہے۔حرا مانی نے انسٹاگرام اسٹوری پر بتایا ہے کہ ایسا نہیں کہ میں اور مانی آپس میں لڑتے نہیں، بلکہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19